پیغامِ پاکستان

اسلامی جمہوریہ پاکستان

ادارہ تحقیقات اسلامی
بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی
فیصل مسجد کیمپس، اسلام آباد

نام دستاویز	:	پیغامِ پاکستان
ISBN	:	978-969-408-364-3
تالیف و تدوین	:	محققین ادارہ تحقیقات اسلامی
نظرِ ثانی	:	تمام مکاتبِ فکر کے جید علمائے کرام، مفتیانِ عظام اور قومی جامعات کے اساتذۂ کرام
اہتمامِ اشاعت	:	اسلامی جمہوریۂ پاکستان
ناشر	:	پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق ڈائریکٹر جنرل، ادارہ تحقیقات اسلامی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
انگریزی ترجمہ	:	محمد احمد منیر لیکچرار، ادارہ تحقیقات اسلامی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
ڈیزائننگ	:	زاہدہ احمد
کمپوزنگ	:	شکیل احمد
سن اشاعت	:	۲۰۱۸ء
تعداد	:	۱۰۰۰
مطبع	:	ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿یٰۤاَیُّہَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقۡنٰکُمۡ مِّنۡ ذَکَرٍ وَّ اُنۡثٰی وَ جَعَلۡنٰکُمۡ شُعُوۡبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوۡا ؕ اِنَّ اَکۡرَمَکُمۡ عِنۡدَ اللّٰہِ اَتۡقٰکُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیۡمٌ خَبِیۡرٌ﴾

(سورۃ الحجرات: ۱۳)

(لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہاری قومیں اور قبیلے بنائے تا کہ ایک دوسرے کو شناخت کرو اور خدا کے نزدیک تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیز گار ہے بے شک خدا سب کچھ جاننے والا (اور) سب سے خبر دار ہے)

فہرست

صفحہ نمبر

صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان
عزت مآب جناب ممنون حسین کا پیغام

متحرک معاشروں میں جامعات، علمائے کرام اور دانشوروں کی حیثیت ایک ایسے اجتماعی ادارے اور تھنک ٹینک کی طرح ہوتی ہے جو ملک و قوم کو درپیش چیلنجوں پر غور کر کے اُن کی حل کی راہیں تلاش کرتے ہیں۔ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے زیر اہتمام "پیغام پاکستان" کانفرنس بھی ایسی ہی ایک صحت مند سرگرمی تھی جس میں تمام مکتبہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام نے شدت پسندی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل پر غور و فکر کر کے ایک متفقہ فتویٰ دیا۔ میں نے کانفرنس میں ہونے والے بحث و مباحثے اور فتوے کی تفصیلات کا گہرائی سے مطالعہ کیا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ انتہا پسندی کے خاتمے اور اسلام کے زرّیں اصولوں کی روشنی میں ایک معتدل اسلامی معاشرے کے استحکام کے لیے یہ فتویٰ ایک مثبت بنیاد فراہم کرتا ہے اور قومی بیانیے کی تشکیل میں اس سے رہنمائی بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اس جرأت مندانہ علمی کاوش پر میں بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اور اس کے ذمہ داران کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

ممنون حسین

ممنون حسین
صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان

پیشِ لفظ

پیغامِ پاکستان کے نام سے تیار کردہ یہ متفقہ دستاویز قرآن و سنت اور اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے دستور کی روشنی میں ریاست پاکستان کی اجتماعی سوچ کی عکاسی کرتی ہے۔ یہ پیغام ریاستِ پاکستان کو درپیش مسائل کا تجزیہ کرتے ہوئے ایسے لائحہ عمل کی بنیاد تجویز کرتا ہے جس کی بنا پر قراردادِ مقاصد میں دیے گئے اہداف حاصل کیے جاسکتے ہیں، نیز اس کے ذریعے پاکستان کو قوموں کی برادری میں ایک مضبوط، متحد، مہذب اور ترقی یافتہ ملک کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے۔ یہ متفقہ دستاویز مملکت خداداد اسلامی جمہوریۂ پاکستان میں اسلامی تہذیب و تمدّن کی برداشت، روحانیت، عدل و انصاف، برابری، حقوق و فرائض میں توازن جیسی خوبیوں سے مزّین معاشرے کی تشکیل جدید میں مدد و معاون ہوسکتی ہے۔

یہ دستاویز اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے ریاستی اداروں اور دینی مدارس کے مندرجہ ذیل وفاقوں کی کاوشوں سے تکمیل پائی:

أ. وفاق المدارس العربیۃ

ب. تنظیم المدارس اہلسنت

ج. وفاق المدارس السلفیہ

د. وفاق المدارس الشیعیہ

ہ. رابطہ المدارس پاکستان

مزید برآں اس دستاویز کی تیاری میں اہم پاکستانی جامعات اور پاکستان کے بڑے دینی مدارس جیسے دارالعلوم کراچی، دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف، جامعہ بنوریہ کراچی، جامعۃ المنتظر لاہور، جامعہ اشرفیہ لاہور، جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک، جامعہ محمدیہ اسلام آباد اور جامعہ فریدیہ اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے اساتذہ، جید علماء اور مفتیانِ کرام کا تعاون بھی شامل ہے۔

پیغامِ پاکستان کا ابتدائی مسوّدہ ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے محققین نے تیار کیا اور ۲۶رمئی ۲۰۱۷ء کو ادارہ تحقیقات اسلامی میں صدر اسلامی جمہوریۂ پاکستان عزت مآب جناب ممنون حسین صاحب کی صدارت میں منعقد ہونے والے قومی سیمینار بعنوان "میثاقِ مدینہ کی روشنی میں پاکستانی معاشرے کی تشکیلِ نو" کے موقع پر پیش کیا گیا۔ اس سیمینار میں تمام مکاتب فکر کے جید علمائے کرام اور مفتیان عظام نے متفقہ اعلامیہ اور متفقہ فتویٰ بھی جاری کیا۔ متفقہ اعلامیہ کو سیمینار میں پروفیسر ڈاکٹر معصوم یٰسین زئی، ریکٹر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد نے پیش کیا جبکہ متفقہ فتویٰ مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی، مہتمم دارالعلوم کراچی نے سیمینار کے اختتام پر پیش کیا۔ اس دستاویز کو دینی مدارس کے تمام وفاق اور مختلف قومی جامعات کے اساتذہ کی مشاورت سے مزید بہتر بنایا گیا۔ نیز متفقہ اعلامیہ اور فتویٰ کو بھی اس کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔ پیغامِ پاکستان قرآن و سنت میں موجود بنیادی اسلامی تعلیمات اور ۱۹۷۳ء کے متفقہ دستور کی روشنی میں تیار کیا گیا ہے۔ اب یہ دستاویز ریاستِ پاکستان کی منظوری سے ایک بنیادی قومی لائحہ عمل کے طور پر عمل درآمد کے لیے شائع کی جاتی ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق
ڈائریکٹر جنرل
ادارہ تحقیقات اسلامی
بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی
اسلام آباد۔

۱۔ اسلامی ضابطۂ حیات

آدم و حوا کی اولاد ہونے کے باوجود نسلِ انسانی قدیم زمانے میں معاشی ضرورتوں کے لیے منتشر ہوتی رہی، یہ منتشر گروہ الگ الگ بستیوں، شہروں اور ملکوں میں رہنے لگے۔ اسی لیے ناگزیر طور پر نبی اور مصلح بھی قومی ہوتے نہ کہ عالم گیر اور بین الاقوامی؛ اور ان کی تعلیمات بھی اپنی اپنی قوموں تک ہی محدود ہوتی تھیں۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ﴾ (الروم: ۴۷)

(اور ہم نے آپ ﷺ سے پہلے انبیاء کو صرف ان کی قوموں کی طرف ہی مبعوث کیا۔)

لیکن حضور اکرم ﷺ کی بعثت کے بعد صورت حال بدل گئی۔ اب ضروری تھا کہ انسانی ذہن کے ارتقا میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر دیا جائے اور انسان کو یہ درس دیا جائے کہ وہ اپنے دماغ، غور و فکر، شعور اور علم و ادراک سے کام لے۔ اس دور کے بین الاقوامی حالات کا تقاضا تھا کہ پوری دنیا کو اب جھنجوڑ کر یاد دلایا جائے کہ وہ سب آدم و حوا کی اولاد ہیں اور انہیں تنگ نظری، نسل پرستی اور ایسے ہی دیگر تعصبات سے نجات دلائی جائے اور تمام انسانی دنیا کے لیے ایسا کامل دین پیش کیا جائے جو زمان و مکان کے فرق سے بالا اور ذاتوں، گروہوں، نسلوں اور طبقوں کے امتیاز سے بری ہو اور بنی نوع انسان کو انفرادی و اجتماعی حقوق اور ذمہ داریاں عطا کر کے نوعِ بشری کی تخلیق کی اصلی غرض و غایت کو پورا کرنے کا انتظام کرے۔

انہی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو ایک کامل اور جامع پیغام کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے برگزیدہ بندے اور رسول محمد ابن عبد اللہ ﷺ سے مخاطب ہو کر فرمایا:

﴿وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِلنَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا﴾ (سبا: ۲۸)

(اے رسول ہم نے آپ کو تمام انسانوں کی طرف خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔)

اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کی اس عالمی حیثیت کی وضاحت کے ساتھ ساتھ آپ ﷺ کو پیغام الٰہی ساری دنیا تک پہنچانے کی ذمہ داری بھی سونپی، چنانچہ ارشاد ہوا:

﴿قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا﴾

(الاعراف: ۱۵۸)

(آپ لوگوں سے کہہ دیں کہ اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں۔)

گویا کہ آپ ﷺ سارے جہان کے لیے اللہ کے آخری رسول اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے جامع پیغام اسلام کی صورت میں لے کر مبعوث ہوئے۔

اسلام کا مطلب امن اور سلامتی ہے اور اس میں داخل ہو کر ایک انسان اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی مکمل فرماں برداری میں دے دیتا ہے اور قرآن و سنت کے احکام کے مطابق زندگی گزارنے کا عہد کرتا ہے۔

اسلام وہ مکمل ضابطہ ٔ حیات ہے جس کے احکام رسول اللہ ﷺ پر ۴۰ر سال کی عمر میں ۶۱۰ء میں مکہ میں نازل ہونے شروع ہوئے۔ یہ وہ دین مبین ہے جس کا آغاز حضرت آدم علیہ السلام سے ہوا۔ تقریباً ہر قوم اور ہر علاقے میں اللہ کے پیغمبر اور رسول مبعوث ہوئے اور انھوں نے انسانیت کی فلاح کے لیے وحی پر مبنی پیغام الٰہی انسانوں تک پہنچایا اور سب نے ہی رسول اللہ ﷺ کی بعثت کی دعا کی تھی، جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝﴾ (البقرہ: ۱۲۹)

(اے پروردگار ان (لوگوں) میں انہیں سے ایک پیغمبر مبعوث کر دیجیے جو ان کو تیری آیتیں پڑھ پڑھ کر سنایا کرے اور کتاب اور دانائی سکھایا کرے اور ان (کے دلوں) کو پاک صاف کیا کرے بیشک تو غالب اور صاحبِ حکمت ہے۔)

رسول اللہ ﷺ کا مشن سابقہ انبیاء کی طرح انسانوں کو سیدھے راستے کی طرف ایک جامع دعوت دینا تھا۔ یہ وہی راستہ تھا جس پر ملت ابراہیمی قائم تھی، جیسا کہ قرآن پاک میں ہے:

﴿قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ڬ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾(الانعام: ۱۶۱)

(کہہ دو کہ مجھے میرے پروردگار نے سیدھا راستہ دکھا دیا ہے۔ (یعنی دین صحیح) مذہب ابراہیم کا، جو ایک (خدا) ہی کی طرف کے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے۔)

جب دنیا علاقائیت سے عالمیت کے دور میں داخل ہونے والی تھی تو اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے ذریعے بھیجے جانے والی عمومی ہدایات کو ایک جامع، کامل اور مکمل ضابطہ حیات کے طور پر اپنے آخری رسول محمد ابن عبد اللہ ﷺ کے ذریعے پوری دنیا کے لیے بطور رحمت اور مکمل نعمت کے طور پر پیش فرمایا، جیسا کہ فرمان الٰہی ہے:

﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ﴾ (الانبیا: ۱۰۷)

(اور (اے محمد ﷺ) ہم نے آپ کو تمام جہاں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے)

نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۠ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ﴾

(آل عمران: ۱۵۹)

([اے محمد (ﷺ)] خدا کی مہربانی سے آپ ان لوگوں کے لئے نرم خُو واقع ہوئے ہیں اور اگر آپ سخت دل ہوتے تو یہ آپ کے پاس سے بھاگ

کھڑے ہوتے۔ تو ان کو معاف کر دیں اور ان کے لئے (خدا سے) مغفرت مانگیں اور اپنے کاموں میں ان سے مشاورت کیا کریں اور جب (کسی کام کا) عزم مصمم کر لیں تو اللہ پر بھروسہ رکھیں بیشک اللہ تعالیٰ بھروسا رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔)

رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کو آپ کی دعوت کی کامیابی میں بنیادی حیثیت حاصل تھی۔ آپ ﷺ لوگوں کے ساتھ نیکی کرتے اور ان سے نرم دلی سے پیش آتے۔ آپ ﷺ دلکش اور جرأت مندانہ انداز سے لوگوں کو اسلام لانے کی دعوت دیتے۔ عدل کو پسند کرتے، حق دار کو اس کا حق دیتے، ضعیف و کمزور اور مسکین کی طرف مودت و محبت اور الفت کی نظر سے توجہ فرماتے۔ آپ ﷺ کے انہی اخلاق سے متاثر ہو کر لوگ اسلام میں داخل ہونا شروع ہو گئے۔

اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ آپ ﷺ نے عبادات، روحانیت، اخلاق اور معاملات کا ایک ایسا نظام پیش کیا جس کے ذریعے سے انسانیت کی حدود سے پست یا آگے بڑھ جانے والے انسانوں کو حقوق و فرائض کے نظام کے تحت انسانی حدود میں لا کر عزت و احترام اور وقار دیا گیا۔ اسلام کی انسانیت تمام تعصبات سے بالاتر ہے اور یہ تمام انسانوں کے لیے احترام پر مبنی ہے، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا﴾ (الاسراء: ۷۰)

(اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی اور ان کو جنگل اور دریا میں سواری دی اور پاکیزہ روزی عطا کی اور اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی۔)

رسول اللہ ﷺ نے عبادات کا ایک ایسا جامع نظام دیا جس سے نہ صرف انسانیت کی روحانی تسکین ہوئی بلکہ تخلیق انسان کے مقصد کو حاصل کرنے میں مدد بھی ملی۔ نمازوں اور روزوں کے ذریعے ہر مسلمان کا نہ صرف اللہ تعالیٰ سے براہ راست تعلق مضبوط ہوا، بلکہ ان عبادتوں کے ذریعے ہر مسلمان کو انفرادی طور پر اپنے جسم، روح اور سوچ کو مضبوط، مربوط اور منضبط بنانے میں

بھی مدد ملی۔ زکوٰۃ اور حج کے ذریعے مسلمان اللہ کی خوشنودی حاصل کرتے ہیں، یہ عبادتیں باہمی انسانی تعلقات کو نہ صرف مضبوط اور مستحکم بناتی ہیں، بلکہ ایک انسان کو دوسرے انسان کے لیے قربانی کا درس بھی دیتی ہیں۔ یہ عبادتیں امت مسلمہ کو ایک جسم کی مانند متحد کرنے اور ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہونے کا موقع بھی فراہم کرتی ہیں، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ﴾

(الانبیاء:۹۲)

(یہ تمہاری جماعت ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں تو میری ہی عبادت کیا کرو)

عبادات کے اسلامی نظام کا ہدف انسانوں میں اللہ تعالیٰ کی بندگی کے جذبے کو جلا بخشنے کے بنیادی مقصد کے علاوہ ایسی اعلیٰ اقدار کی آب یاری ہے جو انسانی بھلائی اور نسلِ انسانی کی یکجہتی کو یقینی بنانے کے لیے حقوق و فرائض کے عادلانہ نظام، امن و سکون، معاشرتی ہم آہنگی، وعدوں کی پاسداری، کمزوروں کے حقوق کا تحفظ اور تمام انسانوں کی عزت و آبرو کے تحفظ کی ضامن ہوں۔ نہ صرف یہ بلکہ اسلام نے تو معاشرے میں برائی کا جواب برائی سے دینے کی روش کی بجائے بھلائی کے ذریعے برائی کے انسداد کے طریقے کو اپنانے کا حکم دیا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِيْمٌ﴾ (فصلت: ۳۴)

(اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہوسکتی تو (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا ہو (ایسا کرنے سے تم دیکھو گے) کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی گویا وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے۔)

رسول اللہ ﷺ نے وحی پر مبنی اسلام کے عادلانہ نظام کو مدینہ کے پہلے معاشرے میں ۶۲۲ء میں میثاقِ مدینہ کے ذریعے نافذ کرنا شروع کیا۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ نے ہجرت کے پہلے سال یثرب میں امن و سلامتی کو یقینی بنانے اور وہاں کے باشندوں کے معاملات کو منظم کرنے کے

لیے اہم ترین اقدامات فرمائے۔ ان اقدامات کے نتیجے میں اوس و خزرج، مہاجرین اور غیر مسلم قبائل عرب رسول اللہ ﷺ کی سیاسی قیادت کے تحت متحد ہوگئے۔ اس صورت حال میں یہودِ مدینہ وہ واحد گروہ تھا جو اس اجتماعی نظام سے باہر تھا۔ آپ ﷺ نے انہیں بھی اس اجتماعی نظام میں شمولیت کی دعوت دی تو ان کے لیے اپنی بقاء اور سلامتی کی خاطر اس سے انکار کرنا ممکن نہ رہا۔ اس طرح انصار (اوس و خزرج)، مہاجرین (بنو امیہ و بنو ہاشم)، عرب قبائل اور یہود (بنو نضیر، بنو قریظہ اور بنو قینقاع) سمیت مدنی معاشرہ کی مختلف اکائیاں میثاق مدینہ پر متفق ہوگئے اور یہ میثاق نئی قائم شدہ ریاست کا دستور بن گیا۔

اس دستور کی رو سے ریاست کے باشندوں کو سماجی سطح پر برابری کے حقوق دیے گئے، دفاعی سلامتی کو یقینی بنایا گیا اور مذہبی آزادی اور شخصی معاملات کو اپنے اپنے عقائد کے مطابق طے کرنے کی نہ صرف اجازت دی گئی بلکہ اس کے لیے مناسب ماحول بھی فراہم کر دیا گیا۔ میثاق مدینہ تاریخ دساتیر کی وہ پہلی دستاویز ہے جو تحریر کی گئی۔ اس دستور کی ۵۲ دفعات ہیں اور یہ قانونی زبان کی اعلیٰ ترین مثال ہے۔ یہ دستور نہ صرف مسلمانوں کے تحفظ کا باعث بنا بلکہ اس سے غیر مسلموں کو بھی برابر کے حقوق ملے؛ مثلاً یہودیوں میں بنو قینقاع، جو کہ سنار تھے، سب سے معزز سمجھے جاتے تھے، جب کہ بنو قریظہ چونکہ پیشے کے اعتبار سے چمار تھے، کم تر اور حقیر سمجھے جاتے تھے اور ان کی دیت بنو قینقاع اور بنو نضیر کے یہود کی نسبت آدھی تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس ناانصافی کو منسوخ فرمایا اور بنو قریظہ کی دیت کو دوسرے یہودیوں کی دیت کے برابر قرار دیا۔

آپ ﷺ نے ایسے جامع دین پر ایمان لانے کی دعوت دی جس میں پہلے انبیاء اور ان کی کتابوں پر ایمان کو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان کی طرح لازمی قرار دیا گیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ڭ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ﴾ (البقرہ: ۲۸۵)

(رسولِ (خدا) اس کتاب پر جو ان کے پروردگار کی طرف سے ان پر نازل ہوئی، ایمان رکھتے ہیں اور مؤمن بھی سب خدا پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) ہم اس کے پیغمبروں میں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے اور وہ (خدا سے) عرض کرتے ہیں کہ ہم نے (تیرا حکم) سنا اور قبول کیا۔ اے پروردگار ہم تیری بخشش مانگتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔)

آپ ﷺ نے مدینہ منورہ میں ایک ایسے سماج کی تشکیل کی جس میں مسلمان، یہودی اور غیر مسلم عربوں کے درمیان عدل و انصاف، برابری اور حقوق و فرائض کی یکساں ادائیگی پر مشتمل تعلقات قائم ہوئے کیونکہ آپ ﷺ پوری انسانیت کے لیے خوشخبری دینے والے اور خبر دار کرنے والے بنا کر بھیجے گئے، جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ﴾

(فاطر: ۲۴)

(ہم نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا اور اللہ تعالیٰ نے ہر امت میں ڈرانے والا بھیجا۔)

قرآن حکیم نے مسلمانوں سمیت تمام مذہبی گروہوں کو مشترک اصول اپنانے کی تعلیم دی۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے:

﴿اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾ (البقرہ: ٦٢)

(مسلمان ہوں، یہودی ہوں، نصاریٰ ہوں یا صابی ہوں، جو کوئی بھی اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے، ان کے اجر ان کے رب کے پاس ہیں اور ان پر نہ تو کوئی خوف ہے اور نہ اداسی۔)

آپ ﷺ کی تعلیم و تبلیغ تو یہ ہے کہ اسلام سابقہ مذاہب کی تکمیل و تجدید ہی ہے اور ان سے متضاد کوئی نئی چیز نہیں۔ جس طرح کی دینی تعلیم رسول اللہ ﷺ نے دی اس سے انسان کو گروہی اور فرقہ وارانہ تعصب کی مصیبت سے نجات مل جاتی ہے اور "لا إكراه في الدين" وہ سنہری اصول ہے جو کہ اسلام ہی نے متعارف کرایا۔ ان آفاقی اصولوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستانی سماج کی تشکیل جدید کے لیے ان تعلیمات کو عام کرنے کی ضرورت ہے تا کہ یہاں کے باسی نہ دوسرے مذاہب کی تحقیر کریں اور نہ ان کے بانیوں کی بے حرمتی کے مرتکب ہوں۔ مسلمانوں کے لیے اپنے عقیدے پر عمل کرتے ہوئے استدلال کے ذریعے دوسروں کو قائل کرنے کی کوشش کرنا ہی ان کی ذمہ داری قرار پاتی ہے، جیسا کہ قرآن فرماتا ہے:

﴿اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ﴾ (النحل: ۱۲۵)

([اے پیغمبر ﷺ] لوگوں کو دانش اور نیک نصیحت سے اپنے پروردگار کے راستے کی طرف بلاؤ اور بہت ہی اچھے طریقے سے ان سے بحث و تمحیص کرو۔ جو اس کے راستے سے بھٹک گیا تمہارا پروردگار اسے بھی خوب جانتا ہے اور جو راستے پر چلنے والے ہیں ان سے بھی خوب واقف ہے۔)

دوسروں کے مذاہب کی تحقیر کسی صورت میں نہیں ہونی چاہیے، جیسا کہ قرآن حکیم میں ارشاد ہے:

﴿وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ (الانعام:۱۰۸)

(اور گالی مت دو ان کو، جن کی یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں کیونکہ پھر وہ جہالت کی بنا پر حد سے گزر کر اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی

کریں گے۔ ہم نے اس طرح ہر طریقہ والوں کو ان کا عمل مرغوب بنا رکھا ہے۔ پھر اپنے رب ہی کے پاس ان کو جانا ہے سو وہ ان کو بتلا دے گا جو کچھ بھی وہ کیا کرتے تھے۔)

رسول اللہ ﷺ نے عدل و انصاف کا ایسا نظام قائم کیا جس میں کمزور اور ناتواں کو طاقت ور اور جابر کے مقابلے میں تحفظ حاصل تھا۔ یہ عدل و انصاف اپنوں کے لیے بھی تھا اور غیروں کے لیے بھی۔ کسی سے دشمنی یا عداوت بھی انصاف کی فراہمی میں رکاوٹ نہیں بن سکتی، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۟ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ﴾ (المائدہ: ۸)

(اے ایمان والو! خدا کے لیے انصاف کی گواہی دینے کے لیے کھڑے ہو جایا کرو اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیز گاری کی بات ہے۔ اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبر دار ہے۔)

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا﴾ (النساء: ۵۸)

(خدا تم کو حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانتیں ان کے حوالے کر دیا کرو اور جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کیا کرو، خدا تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے بیشک خدا سنتا (اور) دیکھتا ہے۔)

عدل وانصاف کے اس نظام میں غیر مسلموں، عورتوں اور بچوں کے حقوق کا خاص طور پر تحفظ کیا گیا۔ ظلم و ستم اور تکبر، سختی اور عدم برداشت جیسے افعال کو قبیح قرار دے کر حرام قرار دیا گیا اور عاجزی وانکساری، بردباری، تحمل اور برداشت جیسی عادات واخلاق کو عین اسلامی آداب قرار دے دیا گیا۔ انسانوں کو ہدایت کی گئی کہ زمین پر عاجزی سے چلیں اور لوگوں کو دعوت دین کے لیے حکمت اور عقلمندی سے بلائیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا﴾ (الاسراء: ۳۷)

(اور زمین پر اکڑ کر (اور تن کر) مت چل۔)

اسلام کی تعلیم تو یہ ہے کہ بدلہ لینے کا حق ہو بھی تو احسان کرنا اور معاف کرنا لائق ترجیح ہے، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَجَزَٰٓؤُاْ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۖ فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُۥ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُۥ لَا يُحِبُّ الظَّٰلِمِينَ﴾ (الشوریٰ: ۴۰)

(اور برائی کا بدلہ تو اسی طرح کی برائی ہے مگر جو درگزر کرے اور (معاملے کو) درست کر دے تو اس کا بدلہ خدا کے ذمے ہے، اس میں شک نہیں کہ وہ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔)

دینی تعلیمات کی رو سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ دین اسلام کا بنیادی درس انسانی عزت و وقار کی پاس داری اور انسانی جان کا تحفظ ہے اور فرمایا گیا کہ جو ایک انسان کو قتل کرے گا گویا کہ اس نے پوری انسانیت کا قتل کیا اور انسان کے قتل کو گناہ عظیم قرار دیا گیا، جیسا کہ ارشادِ خداوندی ہے:

﴿مِنْ أَجْلِ ذَٰلِكَ كَتَبْنَا عَلَىٰ بَنِيٓ إِسْرَٰٓءِيلَ أَنَّهُۥ مَن قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَآ أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنَٰتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم بَعْدَ ذَٰلِكَ فِي الْأَرْضِ لَمُسْرِفُونَ﴾ (المائدہ: ۳۲)

(اس (قتل) کی وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر یہ حکم نازل کیا کہ جو شخص کسی کو (ناحق) قتل کرے گا (یعنی) بغیر اس کے کہ جان کا بدلہ لیا جائے یا ملک میں خرابی پیدا کرنے کی سزا دی جائے، اس نے گویا تمام لوگوں کو قتل کیا اور جو اس کی زندگانی کا موجب ہوا تو گویا تمام لوگوں کی زندگانی کا موجب ہوا۔ اور لوگوں کے پاس ہمارے پیغمبر روشن دلیلیں لا چکے ہیں۔ پھر اس کے بعد بھی ان میں بہت سے لوگ زمین میں حد اعتدال سے نکل جاتے ہیں۔)

اسلام نے رسول اللہ ﷺ کے ذریعے ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا جس میں احترام، توازن اور میانہ روی کی خصوصیات نمایاں تھیں، ارشاد ربانی ہے:

﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا﴾ (البقرہ: ۱۴۳)

(اور اسی طرح ہم نے تم کو امتِ معتدل بنایا ہے تاکہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور پیغمبر (آخر الزماں ﷺ) تم پر گواہ بنیں۔)

نیز ارشاد خداوندی ہے:

﴿وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِىْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ﴾ (الحج: ۷۸)

(اور اللہ کی راہ میں ویسا ہی جہاد کرو جیسے جہاد کا حق ہے۔ اس نے تمہیں برگزیدہ بنایا ہے اور تم پر دین کے بارے میں کوئی تنگی نہیں ڈالی۔ دین اپنے باپ ابراہیم (علیہ السلام) کا قائم رکھو، اسی اللہ نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔ اس قرآن سے پہلے اور اس میں بھی تاکہ پیغمبر تم پر گواہ ہو جائے اور تمام

لوگوں کے گواہ بن جاؤ۔ پس تمہیں چاہیے کہ نمازیں قائم رکھو اور زکوٰۃ ادا
کرتے رہو اور اللہ کو مضبوط تھام لو، وہی تمہارا ولی اور مالک ہے۔ پس کیا ہی
اچھا مالک ہے اور کتنا ہی بہتر مددگار ہے۔)

الغرض اسلام کے عقائد، عبادات، روحانیت، معاشرت اور معاملات کے متعلق احکام قرآن و سنت، میثاق مدینہ اور خطبہ حجۃ الوداع جیسے مصادر میں بکثرت ملتے ہیں۔

اسلام کے اسی ضابطہ ٔ حیات کی بنا پر عظیم الشان اسلامی تہذیب کی بنیاد پڑی۔ اس تہذیب کی بنیاد طاقت کے استعمال کے بجائے امن، محبت، رواداری اور باہمی برداشت کے رویے کے ذریعے ڈالی گئی۔ اسلامی تہذیب و تمدن نے دینی اور دنیاوی زندگی کے درمیان توازن اور میانہ روی کے ذریعے صدیوں تک کروڑوں انسانوں کی زندگی کو راہنمائی فراہم کی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اپنی روزمرہ کی تعلیمات و خطبات کے علاوہ حکم الٰہی کے تحت خطبۂ جمعہ کے ذریعے دین اسلام کی باقاعدہ تعلیم و تربیت کو جاری کیا۔ جس سے اس سنت کا آغاز ہوا کہ اسلامی ریاست کا حکمران ایک یکساں پیغام مسلم معاشرے کو خطبۂ جمعہ کے ذریعے مستقل دیتا رہے اور امت کے اتحاد کو یقینی بنائے رکھے تاکہ تفرقہ کی بنیاد نہ پڑے۔ بدقسمتی سے اب یہ روایت کمزور پڑ گئی ہے اور موجودہ حالات کے تناظر میں اسلامی ریاست کی راہنمائی میں خطبۂ جمعہ کی سنت کے احیاء کی ضرورت ہے، تاکہ ریاست پاکستان کی نظریاتی حدود کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔

اسلام کی عظیم الشان تہذیب جس کا آغاز ۶۲۲ء میں ہوا، ۷۱۲ء تک (یعنی تقریباً ایک صدی کے اندر اندر) دنیا کے دور دراز علاقوں تک پہنچ گئی۔ اس عظیم الشان تہذیب نے اخذ و عطا اور تازہ کاری کے اصولوں کی بنا پر نہ صرف ترقی یافتہ قدیم تہذیبوں سے استفادہ کیا بلکہ تازہ کاری کے ذریعے علوم و فنون کی نشو و نما میں اپنا حصہ بھی ڈالا۔ اسلامی روایات سے انحراف کے نتیجے میں اسلامی تہذیب عالمی تہذیبوں میں اپنی برتری برقرار نہ رکھ سکی اور یہ عظیم الشان تہذیب زوال اور انحطاط کا شکار ہو گئی۔ مسلمان معاشروں کا اتحاد ختم ہو گیا اور پندرہویں اور سولہویں صدی سے شروع ہونے والا زوال انیسویں صدی میں اپنی انتہا کو پہنچ گیا حتیٰ کہ ۱۹۳۰ء کی دہائی تک ترکی اور افغانستان کے سوا کوئی مسلمان ملک اپنی آزادی برقرار نہ رکھ سکا۔

۲- اسلامی جمہوریہ پاکستان

۲.۱- قیامِ پاکستان کا پسِ منظر

برصغیر میں مسلمانوں نے صدیوں تک حکومت کی لیکن انہوں نے یہاں کی آبادی کو زبردستی مسلمان بنانے کی کبھی کوشش نہیں کی۔ برصغیر میں مسلمانوں کی حکومت قائم ہونے سے پہلے، قائم ہونے کے بعد اور حکومت ختم ہونے پر بھی غیر مسلموں کی ہی اکثریت رہی۔ برطانوی استعمار نے برصغیر کا اقتدار مسلمانوں سے چھینا تھا، اس لیے وہ قدرتی طور پر مسلمانوں کو اپنا حریف سمجھتے تھے۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کی ناکامی کے بعد برصغیر میں مسلمانوں کی حکومت کا مکمل خاتمہ ہو گیا اور برصغیر پاک و ہند مکمل طور پر برطانوی نوآبادی بن گیا۔ برطانوی حکومت نے مسلمانوں کے تمام اہم سیاسی، دفاعی اور معاشرتی ادارے یا تو ختم کر دیے یا پھر ان کو غیر مؤثر کر دیا جس کے نتیجے میں حاکم نہ صرف محکوم بن گئے بلکہ بے اثر بھی ہو گئے اور ان کی تحقیر بھی ہوئی۔ اس ساری صورت حال نے برصغیر پاک وہند میں اسلامی تہذیب و تمدن پر منفی اثر ڈالا اور مسلمان پس ماندگی کا شکار ہو گئے۔ بیسویں صدی کی تیسری دہائی میں جب برطانوی استعمار نے برطانوی جمہوریت کے ماڈل کو برصغیر میں نافذ کرتے ہوئے برصغیر کو چھوڑنے کے ارادے کا اظہار کیا تو اس موقع پر برصغیر پاک وہند کے مسلمانوں نے ہندو اکثریت کی ہمیشہ کے لیے حکمرانی سے بچنے اور برصغیر پاک و ہند میں اسلامی تہذیب و تمدن کے احیا کے لیے مسلمانوں کی علیحدہ ریاست قائم کرنے کی جدوجہد شروع کر دی۔ اس ریاست کا تصور علاّمہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے دیا اور اس تصور کو عملی جامہ پہنانے کے لیے انہی کی تجویز پر قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے آل انڈیا مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے جدوجہد شروع کر دی۔ اس جدوجہد کے نتیجے میں ۱۴/ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان ایک اسلامی مملکت کے طور پر معرضِ وجود میں آ گیا۔ ریاستِ مدینہ کے بعد یہ واحد مثال تھی جس میں اسلامی تہذیب و تمدن کے احیاء کے لیے ایک نئی منفرد مسلمان ریاست معرضِ وجود میں آئی۔

۲.۲– قیام پاکستان

برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں نے پاکستان اس لیے قائم کیا تھا تا کہ ایک ایسے جدید، ترقی یافتہ اور متمدن اسلامی معاشرے کی بنیاد رکھی جاسکے جو کہ دور جدید میں اسلام کی آفاقی تعلیمات کا عکس ہو۔ پاکستانی معاشرے نے یہ ثابت کرنا تھا کہ آج بھی انسانیت کو اسلام کی ضرورت ہے اور اسلام کی آفاقی اقدار پر مشتمل ایک جدید، ترقی یافتہ اور مہذب معاشرہ قائم کیا جاسکتا ہے۔ اسی خواہش کو علاّمہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے فکر اسلامی کی تشکیل جدید کے پیرائے میں بیان کیا تھا۔ قیام پاکستان کے فوراً بعد قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے رفقاء نے ایک ایسے پاکستان کے لیے جدوجہد شروع کر دی جو جمہوری، اسلامی اور ترقی یافتہ ہو۔ ان کا خیال تھا کہ اس پاکستان میں Positivism اور Common Law پر مبنی قانونی نظام قرآن و سنت کے ماتحت ہو اور اس طرح ایک جدید ریاست میں اجتہاد کے ذریعے ایسا ترقی یافتہ قانونی نظام قائم کیا جائے جو جدید اسلامی قانون کا پرتو ہو اور اس کی مدد سے مملکت خداداد میں ایک ایسا معاشرہ قائم ہو جس میں امن، سکون، سلامتی، اقتصادی ترقی اور معاشرتی ہم آہنگی کے اسلامی اصولوں کا رواج ہو، جبکہ غیر مسلموں اور معاشرے کے کمزور طبقوں کے حقوق کا مکمل تحفظ ہو۔ مزید یہ کہ علاقائی ثقافتوں اور زبانوں کو اسلامی اصولوں کی روشنی میں ایک مرکزی پاکستانی اسلامی تہذیب کا حصہ بنایا جائے۔ قیام پاکستان کے ابتدائی سالوں میں اگرچہ پاکستان کو کئی چیلنجز درپیش ہوئے، تقسیم پُر امن ہونے کے بجائے خون ریز ہوگئی، پاکستان کے کئی علاقے ہندوستان کے حوالے کر دیے گئے، کشمیر پر ہندوستان نے قبضہ کر لیا، پاکستان کو اس کے اقتصادی اور مالیاتی حقوق سے محروم کر دیا گیا، لیکن بانیانِ پاکستان کی مسلسل جدوجہد اور تحریک پاکستان کے کارکنوں کی لازوال قربانیوں کے نتیجے میں پاکستان نے اپنے مسائل حل کرنا شروع کر دیے اور وہ دن بدن مستحکم ہوتا چلا گیا۔

پاکستان کے پہلے وزیر اعظم نواب زادہ لیاقت علی خان نے ۱۲/ مارچ ۱۹۴۹ء کو پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی میں قرار دادِ مقاصد پیش کی۔ یہ قراردادِ مقاصد اب دستور پاکستان کا

باقاعدہ حصہ ہے اور اس میں طے کر دیا گیا کہ پاکستان میں اقتدارِ اعلیٰ اللہ تعالیٰ کا ہے اور ریاست پاکستان اللہ تعالیٰ کی طرف سے تفویض کردہ اس اختیار کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے طے کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کی پابند ہوگی۔ قرارداد مقاصد میں دستور پاکستان کے لیے ایک فریم ورک بھی فراہم کر دیا گیا اور طے کر دیا گیا کہ جمہوریت، آزادی رائے، مساوات، برداشت اور سماجی انصاف جیسے وہ اصول، جو اسلام نے دیے ہیں وہ اس دستور کی بنیاد ہوں گے تاکہ پاکستان کے مسلمان قرآن و سنت کے اصولوں کے مطابق انفرادی اور اجتماعی زندگی بسر کر سکیں۔ قرارداد مقاصد میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کی ضمانت دی گئی اور طے کر دیا گیا کہ پاکستان کے تمام شہریوں کا رتبہ برابر ہوگا اور سب کے لیے آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ہوں گے۔ معاشرتی، معاشی اور سیاسی جدوجہد کے یکساں مواقع ہوں گے اور قانون کی نظر میں سب برابر ہوں گے، جبکہ اظہار رائے کی آزادی، ایمان، عقیدے اور عبادات پر کسی قسم کی کوئی قدغن نہیں ہوگی، بشرطیکہ یہ سب کچھ قانونی دائرے کے اندر اور عمومی اخلاقی قواعد کے مطابق ہو۔ قرارداد مقاصد میں طے کر دیا کہ ریاست پاکستان اور اس کے باشندوں نے ایسی جدوجہد کرنی ہے جس کے نتیجے میں پاکستان نہ صرف ترقی کرے بلکہ قوموں کی برادری میں ایک قابل احترام ملک کی حیثیت کا جائز مقام حاصل کرے تاکہ بین الاقوامی امن و ترقی اور انسانی خوشیوں کے حصول میں یہ اسلامی ریاست اپنا حصہ ڈال سکے۔

۲.۳- اسلامی جمہوریہ پاکستان کی کامیابیاں

موجودہ دنیا میں پاکستان وہ ملک ہے جہاں اسلامی اصولوں کے مطابق سب سے زیادہ قانون سازی ہوئی ہے۔ اس کی ایک مثال پاکستان کا ۱۹۷۳ء کا آئین ہے جس کا ابتدائیہ قرارداد مقاصد پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ اس آئین میں اسلامی شقوں کو باقاعدہ دستور کا حصہ بنایا گیا ہے۔ اس بات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے کہ پاکستان کا کوئی قانون غیر اسلامی نہیں ہوگا اور موجودہ قوانین کو بھی اسلامی اصولوں کے تابع کیا جائے گا۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے وفاقی شرعی

عدالت، اسلامی نظریاتی کونسل اور ادارہ تحقیقات اسلامی کے قیام پر خصوصی توجہ دی گئی۔ پاکستان کی کامیابی اور شاندار مستقبل کا ضامن اس کا یہی متفقہ دستور ہے۔ یہ دستور اسلامی بھی ہے اور جدید بھی اور پاکستان کے تمام طبقات کی نمائندگی بھی کرتا ہے۔ ۱۹۷۳ء کا دستور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے مستقبل کا لائحۂ عمل ہے۔

پاکستان کے بعض دشمن عناصر معصوم نوجوانوں کو اس نعرے سے گمراہ کرتے ہیں کہ پاکستان میں طاغوتی نظام رائج ہے اور حکومت کا ڈھانچہ اسلامی قانون کے مطابق نہیں ہے۔ یہ گمراہ کن فکر حقائق سے مطابقت نہیں رکھتی۔ قرارداد مقاصد کا ذکر ہو چکا ہے جو کہ پاکستان کی اسلامی اور جمہوری شناخت کی بنیاد ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ پاکستان کے ۱۹۵۶ء، ۱۹۶۲ء اور ۱۹۷۳ء کے دساتیر میں اسے اسلامی جمہوریہ قرار دیا گیا اور طے کر دیا گیا کہ پاکستان میں قرآن و سنت سے متصادم کوئی قانون نہیں بنے گا۔ پاکستانی قوانین کی قرآن و سنت سے مطابقت کو یقینی بنانے کے لیے اسلامی نظریاتی کونسل ۱۹۶۲ء کے دستور کی رو سے قائم کی گئی۔ ۱۹۹۷ء میں اسلامی نظریاتی کونسل نے حکومت پاکستان کو اپنی فائنل رپورٹ جمع کروائی تھی۔ اس رپورٹ کے مطابق پاکستان کے ۹۵ فیصد قوانین میں قرآن و سنت سے متصادم کوئی چیز نہیں ہے جبکہ باقی قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق ڈھالنے کے لیے کونسل نے متعدد سفارشات دی ہیں۔ کونسل کی رپورٹ کے مطابق قوانین کا ۹۵ فیصد اسلامی تعلیمات کے مطابق ہے۔ اس لیے اس بنا پر پاکستانی قوانین کو غیر اسلامی قرار دینا نہ صرف صریح گمراہی ہے بلکہ یہ پاکستان کے دستور سے لاعلمی کی دلیل بھی ہے۔

پاکستان کی بہت ساری کامیابیوں کے باوجود پاکستان کو ابھی وہ ہدف حاصل کرنا ہے جس کا تعین قرارداد مقاصد میں کیا گیا تھا۔ اس ہدف کو حاصل کرنے میں اس وقت بعض چیلنجز درپیش ہیں جن کا ذکر حسب ذیل ہے۔

۳- ریاست پاکستان اور پاکستانی معاشرے کو درپیش مسائل

۳.۱- اسلامی ریاست کے خلاف جنگ

قرآن و سنت کی تعلیمات اور خلفائے راشدین کا تعامل یہ بتاتا ہے کہ جو کوئی فرد یا گروہ اسلامی ریاست کے خلاف فتنہ انگیزی کرے، اسلحہ اٹھائے، مسلح جدوجہد کرے یا ریاستی اقتدار اعلیٰ کو تسلیم کرنے سے انکار کرے تو وہ باغی ہے، وہ حرابہ کے جرم کا ارتکاب کر رہا ہے اور محارب تصور ہوگا۔ ایسی جنگ نہ صرف اسلامی ریاست کے خلاف ہے بلکہ یہ جنگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے خلاف بھی ہے۔

ریاست مخالف قوتوں نے رسول اللہ ﷺ کی وفات کے فوراً بعد اسلامی ریاست کے خلاف بغاوت کی تھی، جس کو خلیفۂ اوّل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں کامیابی سے ختم کیا گیا، خلیفۂ چہارم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دور خلافت میں بعض انتہاپسند مذہبی عناصر نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سیاسی حکمت عملی کو کفر اور اس حکمت عملی کو قبول کرنے والوں کو کافر قرار دے کر واجب القتل قرار دیا، اس قسم کے باغیوں کے لیے خوارج کی اصطلاح وضع کی گئی تھی۔ خوارج معصوم مسلمانوں کو کافر قرار دے کر قتل کرتے تھے حتیٰ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ انہی عناصر کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ خوارج اسلامی حکومتوں کے خلاف جدوجہد کرتے تھے اور ان کے نزدیک جو کوئی مسلمان معمولی غلطی کا ارتکاب کرے یا گناہ کا کام کرے وہ کافر ہو جاتا ہے اور واجب القتل ہو جاتا ہے۔ بدقسمتی سے یہی وہ فکر ہے جو آج کل کے انتہاپسند گروہوں میں موجود ہے۔ وہ مسلمان اکثریت کو کافر قرار دے کر مباح الدم قرار دے دیتے ہیں۔ ایسے ہی لوگ اسلامی جمہوریہ پاکستان اور اس کے اداروں کے خلاف جنگ کر رہے ہیں۔ دینی احکام کی رو سے یہ سب باغی ہیں اور حرابہ کے جرم کے مرتکب ہیں اور ان کی سزا واضح طور پر قرآن پاک میں موجود ہے۔

﴿إِنَّمَا جَزَٰٓؤُاْ ٱلَّذِينَ يُحَارِبُونَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَيَسْعَوْنَ فِى ٱلْأَرْضِ فَسَادًا أَن يُقَتَّلُوٓاْ أَوْ يُصَلَّبُوٓاْ أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم مِّنْ خِلَٰفٍ أَوْ يُنفَوْاْ مِنَ ٱلْأَرْضِ ۚ ذَٰلِكَ لَهُمْ خِزْىٌ فِى ٱلدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِى ٱلْءَاخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ﴾ (المائدہ: ۳۳)

(جو لوگ خدا اور اس کے رسول سے لڑائی کریں اور ملک میں فساد کی کوشش کریں ان کی یہی سزا ہے کہ قتل کر دیے جائیں یا سولی چڑھا دیے جائیں یا ان کے ایک ایک طرف کے ہاتھ اور ایک ایک طرف کے پاؤں کاٹ دیے جائیں یا ملک سے نکال دیے جائیں یہ تو دنیا میں ان کی رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا (بھاری) عذاب (تیار) ہے۔)

اس لیے تمام مسلمانوں پر بالعموم اور ریاست پاکستان کے باشندوں پر بالخصوص یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ریاست پاکستان کے خلاف اسلحہ اٹھانے والوں کے خلاف دامے، درمے، سخنے جدوجہد کریں۔ مسلمان فقہاء کا کہنا ہے کہ حرابہ سے متعلق آیات جن سنگین جرائم پر لاگو ہوتی ہیں ان میں پر امن اور غیر مسلم لوگوں کے خلاف دہشت گردی بھی شامل ہے۔ ان کی رائے میں اگر کوئی طاقت ور گروہ کسی علاقے میں اپنی عمل داری قائم کر کے حکومتی قوانین اور رٹ کو ماننے سے انکار کر دے تو یہ بھی بغاوت ہے اور اس طرح اگر کوئی گروہ قانونی حکومت کو ماننے سے انکار کر دے تو یہ بھی بغاوت ہے۔

اسلامی مصادر میں ریاست کے خلاف مذہب کے نام پر اسلحہ اٹھانے والوں کے افعال کو واضح طور پر غیر شرعی قرار دیا گیا ہے اور اس کا سدباب کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کی تاکید بھی کی گئی ہے۔ مسلم حکمرانوں کی اطاعت کا حکم خود قرآن پاک میں شامل ہے اور یہ کہ اگر ان سے کوئی تنازع ہو جائے تو اس کو قرآن وسنت کی روشنی میں حل کرنے کی کاوش کی جائے۔ اس ضمن میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا﴾ (النساء: ۵۹)

(مومنو! خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو اور جو تم میں سے صاحب حکومت ہے ان کی بھی اور اگر کسی بات میں تم میں اختلاف واقع ہو تو اگر خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس میں خدا اور اس کے رسول کے حکم کی طرف رجوع کرو اور یہ بہت اچھی بات ہے اور اس کا انجام بھی اچھا ہے۔)

مسلمان علماء متفق ہیں کہ اگر کوئی حکمران شریعت کو نافذ کرنے میں تساہل بھی کرے تو اس کے خلاف مسلح بغاوت نہیں کی جاسکتی۔ اسلامی روایت میں بغی کی اصطلاح ریاست کے خلاف مسلح بغاوت کرنے والوں کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ یہ اصطلاح میثاق مدینہ میں بھی استعمال ہوئی ہے(من بغی منهم)۔

اس ضمن میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ۧ﴾ (الحجرات: ۹–۱۰)

(اور اگر مومنوں میں سے کوئی دو فریق آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دو اور اگر ایک فریق دوسرے پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ خدا کے حکم کی طرف رجوع کرلے پس جب وہ رجوع

کرلے تو فریقین میں مساوات کے ساتھ صلح کرادو اور انصاف سے کام لو کہ
خدا انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں
تو اپنے دو بھائیوں میں صلح کرا دیا کرو اور خدا سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر
رحمت کی جائے۔)

الغرض طاقت کے ذریعے حکومتی احکام کی مخالفت کرنا یا حکومتی احکام کو ماننے سے انکار کرنا بھی بغاوت ہے اور ایسے باغیوں کو بغاوت کی سزا ملنی چاہیے۔

۲.۳– ریاستی اداروں اور عوام الناس کے خلاف دہشت گردی

مسلمان علماء اس بات پر متفق ہیں کہ معصوم اور نہتے شہریوں کو دہشت گردی کا شکار بنانا اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ جید علماء کی رائے میں اسلامی ریاست کی اجازت سے اس میں آنے والے غیر ملکی اور غیر مسلم سب معصوم شمار ہوں گے اور ایسے لوگوں کو تو دوران جنگ بھی قتل نہیں کیا جاسکتا، پر امن حالات میں ان کو دہشت گردی کے ذریعے قتل کرنا بدرجۂ اولی ممنوع ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے ایک جنگ میں ایک مقتول عورت کو دیکھا تو
آپ ﷺ نے فرمایا اس کو قتل نہیں کیا جانا چاہیے تھا اس کے بعد آپ ﷺ
نے ایک آدمی کو بلایا اور ان سے کہا کہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو کہو کوئی عورت
اور کوئی غیر محارب قتل نہیں کیا جائے گا۔

حضور ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو آپ رضی اللہ عنہ نے مسلم افواج کو شام روانہ کرتے ہوئے ہدایات دیں کہ تمہیں ایسے لوگ ملیں گے جو دنیا سے کنارہ کشی اختیار کر چکے ہوں گے، جو یہ یقین رکھتے ہوں گے کہ وہ اللہ کے لیے ہیں ان کو ان کے حال پر چھوڑ دینا۔ کسی عورت، بچے اور بوڑھے شخص کو نہ مارنا، کسی پھل دار درخت کو نہ کاٹنا، کسی آباد علاقے کو تباہ نہ کرنا، کسی جانور یا اونٹ کو اس وقت تک زخمی نہ کرنا جب تک کہ آپ کو خوراک کے

لیے اس کی ضرورت نہ ہو۔ کھجور کے درختوں کو نہ جلانا، زیادتی نہ کرنا اور کسی صورت میں ظلم کا ارتکاب نہ کرنا۔

موجودہ دور میں اپنے مخالف افراد بلکہ معصوم افراد تک کو قتل کرنے کے لیے خودکش حملوں کے واقعات ہو رہے ہیں۔ اسلام کی رو سے ایسے واقعات دوہرے سنگین جرائم پر مبنی ہیں:

۱۔ خودکشی ۲۔معصوم لوگوں کا قتل

خودکشی اسلام میں حرام ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ (البقرہ: ۱۹۵)

(اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور نیکی کرو بیشک اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔)

دہشت گردی اور خودکش حملوں کا اسلامی تاریخ میں کوئی وجود نہیں ہے۔ اس طرح کے ظالمانہ اور غیر انسانی حملوں کا آغاز ۱۷۹۸ء میں انقلابِ فرانس کے مواقع پر ہوا، لیکن ۱۹۷۳ء میں بین الاقوامی قانون کی رو سے انہیں جرم قرار دے دیا گیا۔ علماء کی رائے میں دہشت گردی سے متعلقہ جرائم حرابہ ہیں اور ان جرائم کا ارتکاب کرنے والوں پر حرابہ کی سزا لاگو ہوگی۔

۳.۳- فرقہ پرستی اور تکفیریت کا رجحان

اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے لیے بڑھتی ہوئی فرقہ پرستی بھی ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ اگرچہ دستورِ پاکستان میں مختلف فقہی مکاتب کی شخصی معاملات میں منفرد تشریحات کو ماننے کی گنجائش موجود ہے لیکن یہ گنجائش فرقہ پرستی میں اضافہ کے لیے ہرگز استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ فقہی مکاتب فکر فقہی آراء کا تنوع ہیں لیکن جب یہ عقائد کی صورت اختیار کر لیتے ہیں

تو اس سے گہری تقسیم پیدا ہو جاتی ہے اور پھر ہر فرقہ اپنے آپ کو درست اور دوسرے کو غلط یا کافر قرار دینے لگ جاتا ہے۔ یہ رویہ نفرت انگیزی اور شر پسندی کی طرف لے جاتا ہے۔ اس قسم کے رویے کی روک تھام کے لیے ضروری ہے کہ ریاست اپنا حق استعمال کرتے ہوئے ہر اس شخص، گروہ یا ادارے کو قانون کی گرفت میں لائے جو اسلامی اصولوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے نفرت انگیزی کا سبب بنتا ہے اور معاشرے کی وحدت کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اسی طرح مخالف مسلک کے خلاف نفرت انگیزی اور مسلکی عقائد کی ترویج و تشہیر کی خاطر خطبۂ جمعہ کو استعمال کرنے کا رجحان بھی اسلامی معاشرے میں مسلکی تقسیم اور تفریق در تفریق کا سبب ہے، جس کا سد باب وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ ایسا انتظام کرنے کی ضرورت ہے کہ خطباتِ جمعہ فرقہ پرستی کے بجائے اصلاحِ معاشرہ اور انسانی اقدار کی ترویج کا باعث بنیں اور ان میں قومی وحدت، معاشرتی ہم آہنگی اور حب الوطنی جیسے موضوعات بھی شامل کیے جائیں، نیز ایسے موضوعات بھی خطبۂ جمعہ کا حصہ ہوں جن سے معاشرے میں نفرت اور شدت پسندی ختم ہو، لوگ ایک دوسرے کے قریب آئیں اور خاندان کا ادارہ مضبوط ہو، نیز اسلامی اخوت اور بھائی چارے کی فضا پیدا ہو جس کے ذریعے پاکستان کے باشندے نیکی اور تقویٰ کے کاموں پر تعاون جیسی خصوصیات سے مزین ہو سکیں۔ مزید بر آں مسلکی بنیاد پر علومِ دینیہ کی تدریس اور مسلک کی بنیاد پر مساجد کی تقسیم سے بھی معاشرے میں انتشار پیدا ہو رہا ہے، مسالک اور گروہ بندی کی بنیاد پر سرکاری تعلیمی اداروں پر غلبہ حاصل کرنے کی کوششیں بھی کی جارہی ہیں اور اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے پر تشدد کارروائیاں بھی کی جاتی ہیں اور اس کی کئی مثالیں ہماری درسگاہوں میں پائی جاتی ہیں۔ یہ سب کچھ پاکستانی اسلامی معاشرے میں انتشار کا سبب ہے؛ اس لیے اس بڑھتی ہوئی فرقہ پرستی کو علمائے کرام کی مدد سے روکنے کی اشد ضرورت ہے، نیز علمائے کرام کو ایسا ماحول بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے جس میں لوگ فرقہ اور مسلک کی گروہ بندیوں سے آزاد ہو کر کسی بھی مسجد اور مدرسے میں دینی واجبات کی ادائیگی کر سکیں اور دینی تعلیم حاصل کر سکیں۔

قرآن پاک میں واضح طور پر ارشاد ہے:

﴿اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ﴾

(الانعام: ۱۵۹)

(جن لوگوں نے اپنے دین میں پھوٹ ڈالی اور گروہ بن گئے آپ ﷺ کا ان سے کوئی تعلق نہیں۔)

اسی طرح مسلمانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ فرقہ پرستی مشرکوں کی روایت ہے، یہ مسلمانوں میں نہیں ہونی چاہیے، اس ضمن میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝﴾

(الروم: ۳۱– ۳۲)

(مومنو! اسی (خدا) کی طرف رجوع کیے رہو اور اس سے ڈرتے رہو اور نماز پڑھتے رہو اور مشرکوں میں نہ ہونا۔ (اور نہ) ان لوگوں میں (ہونا) جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور خود فرقے فرقے ہو گئے سب فرقے اس سے خوش ہیں جو ان کے پاس ہے۔)

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک اور سیرت رسول ﷺ کی صورت میں مسلمانوں پر اپنی رہنمائی مکمل کر دی ہے، اب ان کے درمیان فرقہ پرستی اور اختلاف کی کوئی گنجائش نہیں، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ﴾ (آل عمران: ۱۰۵)

(اور ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جو متفرق ہو گئے اور واضح احکام کے آنے کے بعد ایک دوسرے سے اختلاف کرنے لگے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کو (قیامت کے دن) بڑا عذاب ہو گا۔)

۴.۳-جہاد کی غلط تشریح

دہشت گرد جہاد اور روایتی جنگوں میں فرق نہیں کرتے۔ جہاد کا مفہوم اپنے اندر بہت وسعت رکھتا ہے اور ایک مسلمان کی شخصی زندگی سے لے کر سماجی زندگی کے تمام دائرے اس میں شامل ہیں اور معاشرے میں یہ عمل ہر مرحلہ پر رواں دواں رہتا ہے، جس کی ایک شکلِ قتال ہے، جو مخصوص حالات میں مسلمانوں کے نظام، یعنی ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے، جب کہ قرآن پاک نے روایتی جنگوں کے لیے حرب کی اصطلاح استعمال کی ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی سیرت طیبہ سے یہ سبق ملتا ہے کہ قتال ایک استثنائی صورت حال ہے، جبکہ عمومی صورت امن و صلح کی ہے۔ فقہاء کی رائے میں قتال عام حالات میں فرض عین نہیں بلکہ فرض کفایہ ہے۔ اس وجہ سے ضروری ہے کہ قتال کی کمان حکومت کے ہاتھ میں ہو۔ میثاق مدینہ کی رو سے بھی جنگ کا اختیار رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ میں ہی تھا۔

مسلمان فقہاء کے نزدیک کوئی جنگی کارروائی مسلمانوں کے حاکم یا اس کے مقرر کردہ فوجوں کے کمانڈر کی اجازت کے بغیر نہیں کی جاسکتی۔ مسلمانوں کے لشکر میں کوئی سپاہی مشرکین کے لشکر پر انفرادی حملہ یا مبارزہ بھی کمانڈر کی اجازت کے بغیر نہیں کر سکتا۔

فقہاء کے خیال میں کوئی بھی جنگ حکمران کی اجازت کے بغیر شروع نہیں کی جاسکتی، نیز صرف غلبہ حاصل کرنے کی غرض سے جنگ نہیں کی جاسکتی۔ اسلام میں قتال اور جنگ کی اجازت دینے کی مجاز صرف حکومت وقت ہے اور وہ بھی صرف اس صورت میں کہ جب ملک کے تحفظ کے لیے اس کے سوا کوئی چارہ نہ ہو اور دشمن جب بھی آمادۂ صلح ہو تو اس سے صلح کر لی جائے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۗ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾ (الانفال: ٦١)

(اور اگر یہ لوگ صلح کی طرف مائل ہوں تو تم بھی اس کی طرف مائل ہو جاؤ اور خدا پر بھروسہ رکھو۔ کچھ شک نہیں کہ وہ سب کچھ سنتا (اور) جانتا ہے۔)

اسی بناء پر مسلمان فقہاء نے ہر قسم کی جنگ کو جائز قرار نہیں دیا اور اسلامی قانون کی رو سے طاقت حاصل کرنے کی جنگ، جیسا کہ آج کل دہشت گرد گروپ کر رہے ہیں، کسی بھی صورت میں درست نہیں ہے، چاہے اس کے لیے دینی دلائل کا خود ساختہ سہارا ہی کیوں نہ لیا جائے۔

۳.۵- امر بالمعروف کے عنوان سے قانون اپنے ہاتھ میں لینے کا رجحان

بعض شدت پسند گروپ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے نام پر معاشرے میں اپنی سیاسی اغراض کے ذریعے طاقت حاصل کرتے ہیں۔ اس موقع پر **وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى** کے اسلامی حکم کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلامی معاشرتی تعلیم میں اہلِ حل وعقد کے ذریعے نہی عن المنکر لازمی ہے، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ کچھ گروپ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے نام پر قانون کو ہاتھ میں لے کر دوسروں کو کافر قرار دیتے ہوئے ان کا عرصۂ حیات تنگ کر دیں۔ اسی طرح کسی گروہ کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ معصوم مسلمانوں کے خلاف کفر کا فتویٰ دے کر انہیں واجب القتل قرار دے دے اور عام لوگوں کو اشتعال دلا کر ان سے معصوم لوگوں کا قتل کرائے اور مرضی کے خود ساختہ فیصلے لاگو کرے۔ اس قسم کے رویے ریاست میں فتنہ وفساد کا باعث بنتے ہیں۔ اسلام نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا منہج طے کر دیا ہے کہ برائی کو تبدیل کرنے کے لیے قانون کے مطابق قوت کا استعمال صرف بااختیار ریاستی اداروں کا حق ہے اور کسی شخص کو اس ضمن میں قانون اپنے ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں ہے۔

اسلامی معاشرے میں نیکی اور بھلائی کے کاموں میں تعاون کے لیے رسول اللہ ﷺ کے دور میں قائم کیے جانے والے مواخات و معاملات جیسے اداروں کے احیاء اور تشکیل نو کی ضرورت

ہے۔ الغرض اس ضمن میں اسلامی تعلیمات واضح ہیں کہ طاقت کے نظریے کی بنیاد پر سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے مذہبی نعروں کا استعمال درست نہیں ہے۔

۶.۳۔ قومی میثاق کو نظر انداز کرنے کا رجحان

بعض حلقوں میں اسلام کے نام سے قومی معاہدات اور وطنی میثاق کی مخالفت کی جاتی ہے بعض گروہ اس سلسلہ میں جغرافیائی حد بندی کے بھی قائل نہیں چنانچہ وہ کسی دوسرے ملک میں لشکر کشی کا حصہ بن جاتے ہیں۔ یہ رویہ اسلامی تعلیمات کی رو سے عہد شکنی میں آتا ہے۔

اسلامی تعلیمات میں میثاق اور عہد کو نہایت بنیادی اہمیت حاصل ہے جس کی پاسداری کا حکم قرآن و سنت میں بڑے اہتمام کے ساتھ دیا گیا ہے۔

﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ﴾ (المائدہ: ۱)

(اے مومنو! اپنے عہد کو پورا کیا کرو۔)

﴿وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللهِ إِذَا عَاهَدتُّمْ وَلَا تَنقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا﴾

(النحل: ۹۱)

(اور جب تم اللہ سے عہد کرو تو اس کو پورا کرو اور جب پکی قسمیں کھاؤ تو ان کو مت توڑو۔)

احادیث میں عہد شکنی کو غدر سے تعبیر کیا گیا ہے، جس کو اردو کی مروّجہ زبان میں غداری بھی کہا جاتا ہے۔ ایک حدیث میں ذکر ہے کہ قیامت کے روز ہر عہد شکن کی عہد شکنی کی سنگینی کے مطابق اس کے پیچھے ایک جھنڈا نصب کیا جائے گا تاکہ اس کے جرم کی سنگینی مشتہر ہو۔

قرآن حکیم نے میثاق و عہد کی اہمیت کو جس حد تک اجاگر کیا ہے، اس سے اسلام کے انسانیت اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کے نقیب دین ہونے کی نقاب کشائی ہوتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِنِ اسۡتَنۡصَرُوۡكُمۡ فِى الدِّيۡنِ فَعَلَيۡكُمُ النَّصۡرُ اِلَّا عَلٰى قَوۡمٍۢ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُمۡ مِّيۡثَاقٌ﴾ (الانفال: ۷۲)

(اور اگر وہ تم سے دین میں مدد چاہیں تو تم پر ان کی مدد کرنا لازمی ہے سوائے اس قوم کے جس کے ساتھ تمہارا کوئی معاہدہ ہو۔)

گویا اگر ہم سے تمہارے دینی بھائی مدد طلب کریں تو ہم پر ان کی مدد لازم ہے، لیکن اگر وہ اس قوم کے مقابلہ پر مدد مانگیں جن کے ساتھ ہمارا میثاق و معاہدہ ہے تو اس کی اجازت نہیں۔ لہٰذا ان آیات کی رو سے اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے عمرانی میثاق کا تقاضا ہے کہ اس کے شہری بہر صورت اس میثاق کو ترجیح دیں کیونکہ وہ کسی بھی بیرون ملک گروہ کی مدد کے نام پر اس میثاق کی خلاف ورزی نہیں کر سکتے۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اسلامی احکام کے مطابق جنگ اور صلح کے معاملات میں اسلامی ریاست پر بین الاقوامی معاہدات کی پاسداری لازمی ہے۔ آج کے دور میں پاکستان نے کئی بین الاقوامی معاہدے کیے ہوئے ہیں جن کا مقصد بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ ہے، نیز شریعت اسلامی کے پانچ بنیادی مقاصد بھی ان حقوق کی پاسداری کی ضمانت دیتے ہیں۔ ان میں جان، مال، دین، عزت آبرو اور نسل کی حفاظت شامل ہیں۔ اسی بنا پر بین الاقوامی معاہدات اور احکام شریعت کی خلاف ورزی کرتے ہوئے معصوم لوگوں کے جان و مال پر حملہ شریعت اور قانون کی رو سے جرم ہے۔

۴۔ متفقہ اعلامیہ

قرآن و سنت کی تعلیمات اور اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے متفقہ دستور کے تقاضوں کے عین مطابق پیغامِ پاکستان کے ذریعے درج ذیل اقدامات کا اعلامیہ پیش کیا جاتا ہے:

۱. پاکستان کا ۱۹۷۳ء کا دستور اسلامی اور جمہوری ہے اور یہ پاکستان کی تمام اکائیوں کے درمیان سماجی اور عمرانی معاہدہ ہے جس کی توثیق تمام سیاسی جماعتوں کے علاوہ تمام مکاتب فکر کے علماء و مشائخ نے متفقہ طور پر کی ہوئی ہے، اس لیے اس دستور کی بالادستی کو ہر صورت میں یقینی بنایا جائے، نیز ہر پاکستانی، ریاستِ پاکستان کے ساتھ ہر صورت میں اپنی وفاداری کا وعدہ وفا کرے۔

۲. اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے دستور کی رو سے تمام شہریوں کو بنیادی حقوق کی ضمانت حاصل ہے ان حقوق میں قانون و اخلاق عامہ کے تحت مساوات حیثیت و مواقع، قانون کی نظر میں برابری، سماجی، اقتصادی اور سیاسی عدل، اظہار خیال، عقیدہ، عبادت اور اجتماع کی آزادی شامل ہے۔

۳. اسلامی جمہوریۂ پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے، جس کے دستور کا آغاز اس قومی و ملی میثاق سے ہوتا ہے: اللہ تبارک و تعالیٰ ہی کل کائنات کا بلا شرکت غیرے حاکم ہے اور پاکستان کے جمہور کو جو اختیار و اقتدار اس کی مقرر کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کا حق ہے، وہ ایک مقدس امانت ہے۔ نیز دستور میں اس بات کا اقرار بھی موجود ہے کہ اس ملک میں قرآن و سنت کے خلاف کوئی قانون نہیں بنایا جائے گا اور موجودہ قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق ڈھالا جائے گا۔

۴. پاکستان کے آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے قرآن و سنت کے احکام کے نفاذ کی پرامن جدوجہد کرنا ہر مسلمان کا دینی حق ہے۔ یہ حق، دستور پاکستان کے تحت اسے حاصل

ہے اور اس کی ملک میں کوئی ممانعت نہیں ہے، جب کہ بہت سے ملی اور قومی مسائل کا سبب اللہ تعالیٰ سے کیے ہوئے عہد سے روگردانی ہے۔ اس حوالے سے پیش رفت کرتے ہوئے ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلامی نظریاتی کونسل، وفاقی شرعی عدالت اور سپریم کورٹ کے شریعت اپیلنٹ بینچ کو مزید فعال بنایا جائے۔

۵. دستور کے کسی حصہ پر عمل کرنے میں کسی کوتاہی کی بنا پر ملک کی اسلامی حیثیت اور اسلامی اساس کا انکار کسی صورت درست نہیں۔ لہٰذا اس کی بنا پر ملک یا اس کی حکومت، فوج یا دوسری سیکیورٹی ایجنسیوں کے اہلکاروں کو غیر مسلم قرار دینے اور ان کے خلاف مسلح کارروائی کا کوئی شرعی جواز نہیں ہے اور ایسا عمل اسلامی تعلیمات کی رو سے بغاوت کا سنگین جرم قرار پاتا ہے۔ نفاذ شریعت کے نام پر طاقت کا استعمال، ریاست کے خلاف مسلح محاذ آرائی، تخریب و فساد اور دہشت گردی کی تمام صورتیں، جن کا ہمارے ملک کو سامنا ہے، قطعی حرام ہیں، شریعت کی رو سے ممنوع ہیں اور بغاوت کے زمرے میں آتی ہیں۔ یہ ریاست، ملک و قوم اور وطن کو کمزور کرنے کا سبب بن رہی ہیں اور ان کا تمام تر فائدہ اسلام دشمن اور ملک دشمن قوتوں کو پہنچ رہا ہے۔ لہٰذا ریاست نے ان کو کچلنے کے لیے "ضرب عضب" اور "رد الفساد" کے نام سے جو آپریشن شروع کر رکھے ہیں اور قومی اتفاق رائے سے جو لائحۂ عمل تشکیل دیا ہے، ان کی مکمل حمایت کی جاتی ہے۔

۶. دہشت گردی کے خلاف جنگ میں علماء اور مشائخ سمیت زندگی کے تمام شعبوں کے طبقات ریاست اور مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہیں اور پوری قوم قومی بقاء کی اس جنگ میں افواج پاکستان اور پاکستان کے دیگر سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل اور غیر مشروط تعاون کا اعلان کرتی ہے۔

۷. تمام دینی مسالک کے نمائندہ علماء نے شرعی دلائل کی روشنی میں قتل ناحق کے عنوان سے خودکش حملوں کے حرام قطعی ہونے کا جو فتویٰ جاری کیا تھا اس کی مکمل حمایت کی جاتی ہے، نیز لسانی، علاقائی، مذہبی اور مسلکی شناختوں کے نام پر جو مسلح گروہ ریاست کے خلاف

مصروفِ عمل ہیں، یہ سب شریعت کے احکام کے منافی اور قومی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کا سبب ہیں، لہٰذا ریاستی اداروں کو ان تمام گروہوں کے خلاف بھرپور کارروائی کرنے کی تجویز دیتے ہیں۔

۸. فرقہ وارانہ منافرت، مسلح فرقہ وارانہ تصادم اور طاقت کے بل پر اپنے نظریات کو دوسروں پر مسلط کرنے کی روش شریعت کے احکام کی مخالفت اور فساد فی الارض ہے، نیز اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور و قانون کی رو سے ایک قومی اور ملی جرم ہے۔

۹. وطنِ عزیز میں قائم تمام درسگاہوں کا بنیادی مقصد تعلیم و تربیت ہے۔ ملک کی تمام سرکاری و نجی درسگاہوں کا کسی نوعیت کی عسکریت (militancy)، نفرت انگیزی (hatred)، انتہا پسندی (extremism)، اور تشدد پسندی (violence) پر مبنی تعلیم یا تربیت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اگر کوئی فرد یا ادارہ اس میں ملوث ہے تو اس کے خلاف ثبوت و شواہد کے ساتھ کارروائی کرنا حکومت اور ریاستی اداروں کی ذمے داری ہے۔

۱۰. انتہا پسندانہ سوچ اور شدت پسندی کے خلاف فکری جہاد اور انتظامی اقدامات ناگزیر ہیں۔ گزشتہ عشرے سے قومی اور بین الاقوامی سطح پر ایسے شواہد سامنے آئے ہیں کہ یہ منفی رجحان مختلف قسم کے تعلیمی اداروں میں پایا جاتا ہے۔ اس لیے یہ رجحانِ فکر (mindset) جہاں کہیں بھی ہو ہمارا دشمن ہے۔ ایسے لوگ خواہ کسی بھی درسگاہ سے منسلک ہوں، کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

۱۱. ہر مکتبِ فکر اور مسلک کو مثبت اور معقول انداز میں اپنے عقائد اور فقہی نظریات کی دعوت و تبلیغ کی شریعت اور قانون کی رو سے اجازت ہے، لیکن اسلامی تعلیمات اور ملکی قانون کے مطابق کسی بھی شخص، مسلک یا ادارے کے خلاف اہانت، نفرت انگیزی اور اتہام بازی پر مبنی تحریر و تقریر کی اجازت نہیں۔

۱۲. صراحت، کنایہ اور اشارہ کی ذریعے کسی بھی صورت میں انبیائے کرام و رُسلِ عُظام علیہم السلام، اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، شعائرِ اسلام اور ہر مسلک کے مسلمہ اکابر

کی اہانت کے حوالے سے ضابطہ فوجداری کے آرٹیکل ۲۹۵– ۲۹۸ کی تمام دفعات کو ریاستی اداروں کے ذریعہ لفظاً اور معناً نافذ کیا جائے اور اگر ان قوانین کا کہیں غلط استعمال ہوا ہے تو اس کے ازالے کی احسن تدبیر ضروری ہے، مگر قانون کو کسی صورت میں کوئی فرد یا گروہ اپنے ہاتھ میں لینے اور متوازی عدالتی نظام قائم کرنے کا مجاز نہیں۔

۱۳. عالم دین اور مفتی کا منصبی فریضہ ہے کہ صحیح اور غلط نظریات کے بارے میں دینی آگہی مہیا کرے اور مسائل کا درست شرعی حل بتائے، البتہ کسی کے بارے میں یہ فیصلہ صادر کرنا کہ آیا اس نے کفر کا ارتکاب کیا ہے یا کلمہ کفر کہا ہے، یہ ریاست و حکومت اور عدالت کا دائرۂ اختیار ہے۔

۱۴. سرزمین پاک اللہ تعالیٰ کی مقدس امانت ہے۔ اس کا ایک ایک چپہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ریاست پاکستان کو ودیعت کردہ اقتدار اعلیٰ کا امین ہے۔ اس لیے اسلامی جمہوریہ پاکستان کی سرزمین کسی بھی قسم کے دہشت گردی کے فروغ، دہشت گردوں کے گروہوں کی فکری و عملی تیاری، کسی بھی مقام پر دہشت گردی کے لیے لوگوں کی بھرتی، مسلّح مداخلت اور اس جیسے دوسرے ناپاک عزائم کی تکمیل کے لیے ہر گز استعمال نہیں ہونے دی جائے گی۔

۱۵. مسلمانوں میں مسالک و مکاتب فکر قرونِ اُولیٰ سے چلے آرہے ہیں اور آج بھی موجود ہیں۔ ان میں دلیل و استدلال کی بنیاد پر فقہی اور نظریاتی ابحاث ہمارے دینی اور اسلامی علمی سرمائے کا حصہ ہیں اور رہیں گے، لیکن یہ تعلیم و تحقیق کے موضوعات ہیں اور ان کا اصل مقام درس گاہیں ہیں۔ اختلاف رائے کے اسلامی آداب (آداب مراعاۃ الخلاف) (ethics of disagreement) کو تمام سرکاری و نجی درسگاہوں کے نصاب میں شامل کیا جانا چاہیے۔

۱۶. اسلامی تعلیمات اور دستور پاکستان ۱۹۷۳ء کے مطابق حکومت اور عوام کے حقوق و فرائض ہیں۔ جس طرح عوام کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے فرائض درست اسلامی تعلیمات اور دستور پاکستان کے تقاضوں کے مطابق انجام دیں، اسی طرح ریاستی ادارے اور ان کے عہدے دار بھی اپنے فرائض حقیقی اسلامی تعلیمات اور دستور پاکستان کے تقاضوں کے مطابق ادا کرنے کے پابند ہیں۔

۱۷. پُرامن بقائے باہمی اور باہمی برداشت کا فروغ پر امن اسلامی معاشرے کے قیام کے لیے ضروری ہے، اس لیے اسلام کے اصولوں کے مطابق جمہوریت، حریت، مساوات، برداشت، رواداری، باہمی احترام اور عدل و انصاف پر مبنی پاکستانی معاشرے کی تشکیل جدید ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے ملک کے اہل علم و دانش اور اہل اختیار و اقتدار کو مطلوبہ کاوشوں کو مربوط طریقہ سے ہم آہنگ کرنے پر توجہ دینا ہوگی۔

۱۸. اسلام احترام انسانیت اور اکرام مسلم، نیز بزرگوں، بچوں، خواجہ سراؤں، معذوروں اور دوسرے محروم طبقوں کے تحفظ کے لیے جو تعلیمات دیتا ہے ان کی سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر ترویج ضروری ہے، نیز پاکستانی معاشرے میں انسانی و اسلامی بھائی چارے اور مواخات جیسے اسلامی اداروں کے احیاء کے ذریعے صحیح اسلامی معاشرے کے قیام کے اقدامات کو یقینی بنایا جانا ضروری ہے۔

۱۹. پاکستان میں رہنے والے پابند آئین و قانون تمام غیر مسلم شہریوں کو جان و مال اور عزت و آبرو کے تحفظ اور ملکی سہولتوں سے فائدہ اٹھانے کے وہی تمام شہری حقوق حاصل ہیں جو پابند آئین و قانون مسلمانوں کو حاصل ہیں، نیز یہ کہ پاکستان کے غیر مسلم شہریوں کو اپنی عبادت گاہوں میں اور اپنے تہواروں کے موقع پر اپنے اپنے مذاہب کے مطابق عبادت کرنے اور اپنے مذہب پر عمل کرنے کا پورا پورا حق حاصل ہے۔

۲۰. اسلام خواتین کو احترام عطا کرتا ہے اور ان کے حقوق کی پاس داری کرتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے خطبۂ حجۃ الوداع میں بھی عورتوں کے حقوق کی پاس داری کی تاکید فرمائی ہے، نیز رسول اللہ ﷺ کے دور سے اسلامی ریاست میں خواتین کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داری رہی ہے۔ اسلامی تعلیمات کے مطابق خواتین کو حق رائے دہی، حصول تعلیم کا حق اور ملازمت کا اختیار حاصل ہے، لہٰذا خواتین کے تعلیمی اداروں کو تباہ کرنا اور خواتین اساتذہ اور طالبات پر حملے کرنا شریعتِ اسلامیہ اور قانون کے منافی ہے۔ نیز اسلامی تعلیمات کی رو سے غیرت کے نام پر قتل اور خواتین کے دیگر حقوق کی پامالی احکام شریعت میں سختی سے ممنوع ہے اور ان کی سخت سزا ہے۔ ریاست پاکستان کو اس قسم کی سرگرمیوں کا ارتکاب کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا مکمل حق حاصل ہے۔

۲۱. لاؤڈ سپیکر کے ہر طرح کے غیر قانونی استعمال کی ہر صورت میں حوصلہ شکنی کی جائے اور متعلقہ قانون پر من و عن عمل کیا جائے اور منبر و محراب سے جاری ہونے والے نفرت انگیز خطابات کو ریکارڈ کر کے ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، نیز ٹیلیویژن چینلوں پر مذہبی موضوعات پر مناظرہ بازی کو قانوناً ممنوع اور قابلِ دست اندازیِ پولیس قرار دیا جائے۔

۲۲. الیکٹرانک میڈیا کے حقِ آزادیٔ اظہار کو قانون کے دائرے میں لایا جائے اور اس کی حدود کا تعین کیا جائے۔

خلاصۂ کلام

۱. دستور پاکستان ۱۹۷۳ء اسلامی اور جمہوری ہے اور یہ پاکستان کی تمام اکائیوں کے درمیان ایسا عمرانی معاہدہ ہے جس کو تمام مکاتب فکر کے علماء و مشائخ کی حمایت حاصل ہے، اس لیے اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے دستور کے تقاضوں کے مطابق پاکستان میں کوئی قانون

قرآن و سنت کے منافی نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی اس دستور کی موجودگی میں کسی فرد یا گروہ کو ریاستِ پاکستان اور اس کے اداروں کے خلاف کسی قسم کی مسلح جدوجہد کا کوئی حق حاصل ہے۔

۲. نفاذ شریعت کے نام پر طاقت کا استعمال، ریاست کے خلاف مسلح محاذ آرائی نیز لسانی، علاقائی، مذہبی، مسلکی اختلافات اور قومیت کے نام پر تخریب و فساد اور دہشت گردی کی تمام صورتیں احکام شریعت کے خلاف ہیں اور پاکستان کے دستور و قانون سے بغاوت اور طاقت کے زور پر اپنے نظریات کو دوسروں پر مسلط کرنے کی روش شریعت کے احکام کی مخالفت اور فساد فی الارض ہے۔ اس کے علاوہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور و قانون کی رو سے ایک قومی اور ملی جرم بھی ہے۔ دفاع پاکستان اور استحکام پاکستان کے لیے ایسی تمام تخریبی کارروائیوں کا خاتمہ ضروری ہے، اس لیے ان کے تدارک کے لیے بھرپور انتظامی، تعلیمی، فکری اور دفاعی اقدامات کیے جائیں گے۔

۳. دستور پاکستان کے تقاضوں کے مطابق پاکستانی معاشرے کی ایسی تشکیل جدید ضروری ہے جس کے ذریعے سے معاشرے میں منافرت، تنگ نظری، عدم برداشت اور بہتان تراشی جیسے بڑھتے ہوئے رجحانات کا خاتمہ کیا جا سکے اور ایسا معاشرہ قائم ہو جس میں برداشت و رواداری، باہمی احترام اور عدل و انصاف پر مبنی حقوق و فرائض کا نظام قائم ہو۔

۵۔ متفقہ فتویٰ

(۲۶/ مئی ۲۰۱۷ء)

۱۰۵۔ استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ ہمارے ملک پاکستان میں عرصۂ دراز سے بعض حلقوں کی جانب سے حکومت پاکستان اور پاکستان کی مسلح افواج کے خلاف مسلسل خونریز کارروائیاں جاری ہیں، یہ حلقے نفاذِ شریعت کے نام پر پاکستان کی حکومت اور اس کی افواج کو اس بنا پر کافرومرتد قرار دیتے ہیں کہ انہوں نے ابھی تک ملک میں شریعت کو مکمل طور پر نافذ نہیں کیا، اس کی بنا پر ان کے خلاف مسلح کارروائیوں کو جہاد کا نام دے کر نوجوانوں کو ان کارروائیوں میں شریک ہونے کی دعوت دیتے ہیں۔ نیز ان کارروائیوں کے دوران خودکش حملے کر کے بے گناہ شہریوں اور فوجیوں کو نشانہ بناتے اور اسے کارِ ثواب قرار دیتے ہیں۔ اس صورتِ حال میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:

۱. کیا پاکستان اسلامی ریاست ہے یا غیر اسلامی؟ نیز کیا شریعت کو مکمل طور پر نافذ نہ کرسکنے کی بنا پر ملک کو غیر اسلامی ملک، اور اس کی حکومت یا افواج کو غیر مسلم قرار دیا جا سکتا ہے؟
۲. کیا موجودہ حالات میں نفاذِ شریعت کی جدوجہد کے نام پر حکومت یا افواج کے خلاف مسلح بغاوت جائز ہے؟
۳. پاکستان میں نفاذِ شریعت اور جہاد کے نام پر جو خودکش حملے کیے جارہے ہیں، قرآن وسنت کی روشنی میں ان کا کوئی جواز ہے؟
۴. اگر مذکورہ تین سوالات کا جواب نفی میں ہے، تو کیا حکومتِ پاکستان اور افواجِ پاکستان کی طرف سے اس بغاوت کو فرو کرنے کے لیے جو مسلح کارروائیاں کی جارہی ہیں وہ شریعت کی رُو سے جائز ہیں؟ اور کیا مسلمانوں کو ان کی حمایت اور مدد کرنی چاہیے؟

۵. ہمارے ملک میں مسلح فرقہ وارانہ تصادم کے بھی بہت سے واقعات ہو رہے ہیں، جن میں طاقت کے بل پر اپنے نظریات دوسروں پر مسلّط کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، کیا اس قسم کی کارروائیاں شرعاً جائز ہیں؟

۵۰۲۔ متفقہ فتویٰ(جوابِ استفتاء)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداًومصلّیاً---

سوالات کے جوابات مندرجہ ذیل ہیں:

ا۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان یقیناً اپنے دستور وآئین کے لحاظ سے ایک اسلامی ریاست ہے، جس کے دستور کا آغاز ہی قرار دادِ مقاصد کے اس جملے سے ہوتا ہے کہ:

"اللہ تعالیٰ ہی کل کائنات کا بلاشرکت غیرے حاکم مطلق ہے اور پاکستان کے جمہور کو جو اختیار واقتدار اس کی مقرر کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کا حق ہوگا، وہ ایک مقدس امانت ہے"۔

یہ قرار دادِ مقاصد ملک کی تمام دینی اور سیاسی جماعتوں کے اتفاق سے دستور کا حصہ بنائی گئی اور ۱۹۵۶ء سے لے کر ۱۹۷۳ء تک ہر دستور میں موجود رہی اور آج بھی موجود ہے۔ اس کے علاوہ دستور کی دفعہ ۳۱ میں مسلمانوں کو اسلامی طرز زندگی اپنانے کے لیے مختلف پالیسی کے اصول وضاحت کے ساتھ درج ہیں، نیز دفعہ ۲۲۷ میں اقرار کیا گیا ہے کہ تمام موجودہ قوانین کو قرآن و سنت کے تحت اسلامی احکام کے مطابق بنایا جائے گا اور کوئی ایسا قانون نہیں بنایا جائے گا جو اسلامی احکام کے خلاف ہو اس اصول پر عمل کروانے کے لیے دستور کے تحت وفاقی شرعی عدالت اور سپریم کورٹ کی شریعت بینچ کا راستہ کھلا ہوا ہے، جس کے تحت ہر شہری کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ قرآن وسنت کے خلاف قوانین کو عدالت میں چیلنج کر کے انہیں تبدیل کروائے۔

ان امور کے پیشِ نظر پاکستان کسی شک وشبہ کے بغیر ایک اسلامی ریاست ہے، اور کسی قسم کی عملی خامیوں کی بنا پر اسے، اس کی حکومت یا افواج کو غیر مسلم قرار دینا ہر گز جائز نہیں، بلکہ گناہ ہے۔

۲۔ چونکہ پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے اور پاکستان کی حکومت اور افواج دستورِ پاکستان کے پابند اور اس کے مطابق حلف اٹھاتے ہیں اس لیے پاکستان کی حکومت یا افواج کے خلاف مسلح کارروائیاں یقیناً بغاوت کے زمرے میں آتی ہیں، جو شرعاً بالکل حرام ہیں۔ دستور پاکستان کی اسلامی دفعات کو مکمل طور پر نافذ کرنا بلاشبہ حکومت کی اوّلین ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو ادا کرنے کے لیے پُر امن اور آئینی جدوجہد بیشک مسلمانوں کا اہم فریضہ ہے، لیکن اس مقصد کے لیے ہتھیار اٹھانا فساد فی الارض ہے اور رسول کریم ﷺ کی واضح احادیث میں اس کی سختی سے ممانعت کی گئی ہے اور جو لوگ اس مسلح بغاوت میں شریک یا اس کی کسی بھی طرح مدد یا حمایت کرتے ہیں، وہ آنحضرت ﷺ کے ارشادات کی کھلی نافرمانی کر رہے ہیں۔ سرکارِ دوعالم ﷺ کا ارشاد ہے:

"أَلا مَنْ وَلِيَ عَلَيْهِ وَالٍ، فَرَآهُ يَأْتِي شَيْئًا مِنْ مَعْصِيَةِ اللهِ، فَلْيَكْرَهْ مَا يَأْتِي مِنْ مَعْصِيَةِ اللهِ، وَلا يَنْزِعَنْ يَدًا مِنْ طَاعَةٍ."

(خوب سن لو کہ جس شخص پر کوئی حاکم بن جائے، اور وہ اسے گناہ کرتے دیکھے تو جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی وہ کر رہا ہے، اسے برا سمجھے، لیکن اطاعت سے ہر گز ہاتھ نہ کھینچے۔)

(صحیح مسلم، کتاب الامارة، حدیث نمبر ۴۷۶۸)

تقریباً متواتر احادیث میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ کسی مسلمان حکومت کے خلاف مسلح کارروائی اور خونریزی بدترین گناہ ہے۔

۳۔ اسلام میں خودکشی بدترین گناہ ہے۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے:

﴿لَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ﴾ (سورۃ نساء: آیت نمبر ۲۹)

(تم اپنے آپ کو قتل نہ کرو۔)

اور بہت سی احادیث میں خودکُشی کو بدترین عذاب کا موجب قرار دیا گیا ہے۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے:

"مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيدَةٍ فَحَدِيدَتُهُ فِي يَدِهِ يَتَوَجَّأُ بِهَا فِي بَطْنِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيهَا أَبَدًا"

(جو شخص کسی لوہے کے ہتھیار سے خودکُشی کرے، تو جہنم کی آگ میں اس کا ہتھیار اس کے ہاتھ میں ہوگا جس سے وہ اپنے پیٹ میں ضرب لگا رہا ہوگا، اور اس آگ میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔)

(جامع الاصول بحوالہ بخاری و مسلم)

نیز جن لوگوں کے بارے میں آنحضرت ﷺ کو بتایا گیا کہ انہوں نے خودکُشی کی ہے، ان کے بارے میں آپ ﷺ نے سخت وعید ارشاد فرمائی، اور ایک ایسے شخص کی آپ نے نمازِ جنازہ بھی نہیں پڑھی۔ (ابو داوٗد، حدیث:۱۳۹۵)

یہ تو عام خودکُشی کا حکم ہے، اور اگر یہ خودکُشی کسی دوسرے مسلمان کو مارنے کے لیے کی جائے تو یہ دوہرے گناہ کا سبب ہے؛ ایک خودکُشی کا گناہ، اور دوسرے کسی مسلمان کی جان لینا، جس کے بارے میں قرآن کریم کا ارشاد ہے:

﴿وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا﴾ (سورۃ النساء:۹۳)

(جو شخص کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرے اس کی سزا جہنم ہے، جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اس پر اللہ کا غضب ہوگا اور وہ اس پر لعنت کرے گا اور اس کے لیے اللہ نے زبردست عذاب تیار کر رکھا ہے۔)

نیز جو غیر مسلم اسلامی ریاست میں امن کے ساتھ رہتے ہیں، انہیں قتل کرنے کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے یہ سخت وعید بیان فرمائی ہے:

"مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهِدًا لَهُ ذِمَّةُ اللهِ وَذِمَّةُ رَسُولِهِ فَقَدْ أَخْفَرَ بِذِمَّةِ اللهِ فَلَا يُرَحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ."

(جامع ترمذی، حدیث: ۱۴۰۳)

(جو شخص کسی غیر مسلم کو جس کے ساتھ (اسلامی حکومت کا) معاہدہ ہے، اس کی جان کے تحفظ کا ذمہ اللہ اور اس کے رسول نے لیا ہے۔ اب جو شخص اللہ کے ذمہ کی بے حرمتی کرے، وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں سونگھے گا۔)

پاکستان میں جو خودکُش حملے کیے جارہے ہیں وہ تین طرح کے شدید گناہوں کا مجموعہ ہیں؛ ایک خودکُشی، دوسرا کسی بے گناہ کو قتل کرنا، تیسرا مسلمان حکومت کے خلاف بغاوت۔ لہٰذا یہ خودکُش حملے کسی بھی تاویل سے جائز نہیں ہوسکتے اور ان کی حمایت کرنا گناہوں کے مجموعے کی حمایت کرنا ہے۔

۴۔ پچھلے تین نکات سے یہ واضح ہے کہ جو لوگ شریعت کے نام پر یا قومیت کے نام پر حکومت کے خلاف مسلح کارروائیاں کررہے ہیں، وہ شرعاً مسلمان ریاست کے خلاف کھلی بغاوت ہے اور ایسی صورت میں قرآن کریم کا واضح حکم ہے کہ:

﴿فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّىٰ تَفِيءَ إِلَىٰ أَمْرِ اللَّهِ﴾ (الحجرات:۹)

(جو گروہ بغاوت کررہا ہے اس سے اس وقت تک لڑو جب تک وہ اللہ کے حکم کی طرف واپس نہ آجائے۔)

لہٰذا حکومتِ پاکستان یا افواجِ پاکستان کا شرعی حدود میں رہتے ہوئے ان باغیوں کے خلاف لڑنا جائز ہی نہیں بلکہ قرآنی حکم کے تحت واجب ہے اور اس سلسلے میں ریاستی کوششوں کے تحت جو آپریشن کیے جارہے ہیں اس میں افواجِ پاکستان کی حمایت اور بقدرِ استطاعت مدد کرنا تمام مسلمانوں پر واجب ہے۔

۵۔ مختلف مسلکوں کا نظریاتی اختلاف ایک حقیقت ہے جس کا انکار نہیں کیا جا سکتا، لیکن اس اختلاف کو علمی اور نظریاتی حدود میں رکھنا واجب ہے۔ اس سلسلے میں انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن اور اہل بیت کے تقدس کو ملحوظ رکھنا ایک فریضہ ہے اور آپس میں ایک دوسرے کے خلاف سبّ وشتم، اشتعال انگیزی اور نفرت پھیلانے کا کوئی جواز نہیں اور اس اختلاف کی بنا پر قتل و غارت گری، اپنے نظریات کو دوسروں پر جبر کے ذریعے مسلط کرنا یا ایک دوسرے کی جان کے درپے ہونا بالکل حرام ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

توثیق متفقہ فتویٰ مع اضافی نوٹ

(جامعہ نعیمیہ، کراچی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حَامِداً وَّمُصَلِّیاً وَّمُسَلِّماً

جو شخص جملہ اوامر ونواہی کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ اور اس کے رسول مکرم ﷺ کے بیان کردہ احکام کا علی الاطلاق انکار کرے اور انہیں رد کرے، وہ یقیناً اجماعاً کافر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے لیکن جو شخص توحید و رسالت اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اور قرآن کریم میں بیان کردہ بنیادی عقائد و ایمانیات اور جملہ ضروریات دین کا اقرار کرتا ہو، لیکن بشری کمزوری، غفلت یا بے عملی کے سبب اس کے خلاف عمل کرے تو اسے کافر نہیں قرار دیا جاسکتا۔ پاکستان کے مسلم حکمران اور مسلح افواج کی قیادت یقیناً توحید ورسالت اور قرآنی احکامات اور ضروریات دین کو تسلیم کرتے ہیں، اس لیے اَلْعِیَاذُ بِاللہ! انہیں کافر قرار دے کر ان کے خلاف مسلّح جدوجہد جہاد نہیں بلکہ فساد فی الارض اور بغاوت ہے۔ ایسے گروہ جو توحید و رسالت پر ایمان رکھنے والے مسلم حکمرانوں یا افواج کی کسی بشری کوتاہی کی بنا پر انہیں کافر قرار دینا شروع کردیتے ہیں ان کا حکم قرآن وحدیث اور فقہ اسلامی میں موجود ہے، ایسے گروہوں کو خارجی کہا گیا ہے۔ اب ائمہ حرمین طیبین کے ائمہ کرام اور وہاں کے سرکردہ علماء بھی ایسے افراد اور گروہوں کو تکفیری اور خارجی قرار دے رہے ہیں۔

خوارج کی گمراہی اور زمین میں فساد وخون ریزی امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے عہدِ خلافت کی تاریخ کے حوالے سے کتابوں میں ثبت ہے۔ سوال میں ذکر کردہ دہشت گردوں کی دلیل بعینہٖ وہی ہے جو خوارج پیش کرتے تھے۔ لہٰذا اُن کا حکم بھی وہی ہے جو

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے اپنے عہد کے خوارج کی بابت دیا تھا اور ان کے خلاف جہاد کر کے ان کی سرکوبی کی تھی۔ پس ریاست اور عامۃ المسلمین کے خلاف دورِ حاضر کی دہشت گردی قرآن کی رو سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مکرم ﷺ کے خلاف اعلان جنگ اور فساد فی الارض ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیۡنَ یُحَارِبُوۡنَ اللّٰہَ وَرَسُوۡلَہٗ وَیَسۡعَوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ فَسَادًا اَنۡ یُّقَتَّلُوۡۤا اَوۡ یُصَلَّبُوۡۤا اَوۡ تُقَطَّعَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَاَرۡجُلُہُمۡ مِّنۡ خِلَافٍ اَوۡ یُنۡفَوۡا مِنَ الۡاَرۡضِ ؕ ذٰلِکَ لَہُمۡ خِزۡیٌ فِی الدُّنۡیَا وَلَہُمۡ فِی الۡاٰخِرَۃِ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ﴿ۙ۳۳﴾ اِلَّا الَّذِیۡنَ تَابُوۡا مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ تَقۡدِرُوۡا عَلَیۡہِمۡ ۚ فَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ﴾

(المائدہ:۳۳-۳۴)

(جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کے خلاف جنگ کرتے ہیں اور زمین میں دہشت گردی کرتے ہیں، ان کی سزا یہی ہے کہ ان کو چُن چُن کر قتل کیا جائے یا ان کو سولی پر چڑھایا جائے یا ان کے ہاتھ اور پیر مخالف سَمت سے کاٹ دیئے جائیں یا ان کو سرزمینِ وطن سے نکال دیا جائے، یہ ان کی دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا عذاب ہے، سوائے اس کے کہ جو (دورانِ جنگ) مسلمانوں کے اُن پر قابو پانے سے پہلے توبہ کرلیں (تو وہ اس سزا سے مستثنیٰ ہوں گے)، جان لو! بے شک اللہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔)

اسی حکم کو سورہ حجرات:۹ میں بیان کیا گیا ہے: "پس باغی گروہ سے لڑو تاوقتیکہ وہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئیں۔" زمین سے نکالنے کی ایک صورت آج کل جیل میں ڈالنا ہے۔

ہر پاکستانی کی شرعی ذمے داری ہے کہ وہ اپنی حیثیت کے مطابق دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے حکومت اور مسلّح افواج کا ساتھ دے۔ مزید یہ کہ نظامِ مصطفی ﷺ یعنی نفاذِ شریعت

کے لیے آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پر امن جدوجہد کرنا مسلمانوں کی ذمے داری ہے اور اس پر کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ فقط: وَاللهُ تَعَالیٰ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب.

نوٹ: ہم مندرجہ بالا تفصیلات کے ساتھ اس فتویٰ کی تصدیق وتصویب کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہر قسم کی دہشت گردی اور فتنہ وفساد سے محفوظ فرمائے اور سیاسی حکمرانوں کو اپنی آئینی ذمے داری یعنی اسلامی احکامات مکمل طور پر پاکستان میں نافذ کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

۵.۳۔ متفقہ فتویٰ (اہم نکات)

یہ تحریر اس دہشت گردی اور خود کش حملوں سے متعلق ہے جن سے پاکستان اور اہلِ پاکستان سخت بے چین اور لہولہان ہو رہے ہیں اور جن سے ہمارے دشمن فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ آیات قرآنی اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں ہم متفقہ طور پر تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء اور مفتیان حضرات یہ فتویٰ دیتے ہیں کہ:

۱. اسلامی جمہوریہ پاکستان آئینی و دستوری لحاظ سے ایک اسلامی ریاست ہے، جس کے دستور کا آغاز اس قومی و ملی میثاق قراردادِ مقاصد سے ہوتا ہے: اللہ تبارک و تعالیٰ ہی کل کائنات کا بلاشرکت غیرے حاکم ہے اور پاکستان کے جمہور کو جو اختیار و اقتدار اس کی مقرر کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کا حق ہے، وہ ایک مقدس امانت ہے۔ نیز دستور میں اس بات کا اقرار بھی موجود ہے کہ اس ملک میں قرآن و سنت کے خلاف کوئی قانون نہیں بنایا جائے گا اور موجودہ قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق ڈھالا جائے گا۔

۲. ہم متفقہ طور پر اسلام اور برداشت کے نام پر انتہا پسندانہ سوچ اور شدت پسندی کو مسترد کرتے ہیں۔ یہ فکری سوچ جس جگہ بھی ہو، ہماری دشمن ہے اور اس کے خلاف فکری و انتظامی جدوجہد دینی تقاضا ہے۔

۳. ہم یہ سمجھتے ہیں کہ فرقہ وارانہ منافرت، مسلح فرقہ وارانہ تصادم اور طاقت کے بل پر اپنے نظریات کو دوسروں پر مسلط کرنے کی روش شریعت کے احکام کے منافی اور فساد فی الارض ہے، نیز اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور و قانون کی روح سے ایک قومی و ملی جرم ہے۔ اس لیے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ حکومت کے ادارے ایسی (منفی) سرگرمیوں کے سدِباب کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کریں۔

۴. پاکستان میں نفاذِ شریعت کے نام پر طاقت کا استعمال، ریاست کے خلاف مسلح محاذ آرائی، تخریب و فساد اور دہشت گردی کی تمام صورتیں جن کا ہمارے ملک کو سامنا ہے اسلامی شریعت کی رو سے ممنوع اور قطعی حرام ہیں اور بغاوت کے زمرے میں آتی ہیں اور ان کا تمام تر فائدہ اسلام اور ملک دشمن عناصر کو پہنچ رہا ہے۔

۵. ہم پاکستان کے تمام مسلکوں اور مکاتبِ فکر کے نمائندہ علماء شرعی دلائل کی روشنی میں اتفاق رائے سے خود کش حملوں کو حرام قرار دیتے ہیں اور ہماری رائے میں خود کش حملے کرنے والے، کروانے والے اور ان حملوں کی ترغیب دینے والے اور ان کے معاون پاکستانی اسلام کی رو سے باغی ہیں اور ریاست پاکستان شرعی طور پر اس قانونی کارروائی کی مجاز ہے جو باغیوں کے خلاف کی جاتی ہے۔

۶. دینی شعائر اور نعروں کو نجی عسکری مقاصد اور مسلح طاقت کے حصول کے لیے استعمال کرنا قرآن و سنت کی رو سے درست نہیں۔

۷. جہاد کا وہ پہلو جس میں جنگ اور قتال شامل ہیں کو شروع کرنے کا اختیار صرف اسلامی ریاست کا ہے اور کسی شخص یا گروہ کو اس کا اختیار حاصل نہیں۔ کسی بھی فرد یا گروہ کے ایسے اقدامات کو ریاست کی حاکمیت میں دخل اندازی سمجھا جائے گا اور ان کے یہ اقدامات ریاست کے خلاف بغاوت تصور ہوں گے جو اسلامی تعلیمات کی رو سے سنگین اور واجب تعزیر جرم ہے۔

۸. اسلامی جمہوریہ پاکستان کے تمام شہری، دستوری و آئینی میثاق کے پابند ہیں، جس کی رو سے ان پر لازم قرار پاتا ہے کہ وہ بہر صورت حب الوطنی اور ملکی و قومی مفادات کا تحفظ پہلی ترجیح کے طور پر کریں اور اس پر کسی صورت آنچ نہ آنے دیں، ملک و قوم کے اجتماعی مفادات کو کسی بھی عنوان سے نظر انداز کرنے کی حکمت عملی اسلامی

تعلیمات کی رو سے عہد شکنی اور غدر قرار پاتی ہے، جو دینی نقطۂ نظر سے سنگین جرم اور لائق تعزیر ہے۔

۹. ریاست پاکستان میں امن و سکون قائم کرنے اور دشمنان پاکستان کے خلاف جو جدوجہد شروع کی گئی ہے ہم اس کی بھرپور تائید کرتے ہیں۔

۶- پیغامِ پاکستان، متفقہ اعلامیہ اور فتویٰ کی تیاری میں شریک محققین، مختلف دینی مدارس کے وفاقوں کے ناظمین، علمائے کرام، مفتیان عظام اور قومی جامعات کے اساتذۂ کرام کے اسمائے گرامی

پیغامِ پاکستان کا ابتدائی مسودہ محققین ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد نے تیار کیا اور بعد ازاں پیغامِ پاکستان کی یہ دستاویز مختلف مکاتبِ فکر کے جید علمائے کرام، مفتیان عظام اور قومی جامعات کے اساتذہ کی مشاورت اور نظر ثانی کے بعد شائع کی جارہی ہے اس پیغام کی تیاری میں شریک اہل علم و دانش کے نام درج ذیل ہیں:

۱- مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی، دار العلوم کراچی، کراچی

۲- مولانا مفتی منیب الرحمن، چیئرمین رؤیت ہلال کمیٹی / صدر تنظیم المدارس اہل سنت، پاکستان

۳- مولانا عبد المالک، صدالطہ . ت المدارس، پاکستان

۴- مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق سکندر، مہتمم جامعہ علوم اسلامیہ، بنوری ٹاؤن / صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان، امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان۔

۵- مولانا محمد حنیف جالندھری، مہتمم خیر المدارس، ملتان / چیئرمین وفاق المدارس العربیۃ

۶- مولانا محمد یٰسین ظفر، ناظم اعلیٰ، وفاق المدارس، السلفیہ

۷- علامہ سید ریاض حسین نجفی، صدر وفاق المدارس الشیعہ، لاہور

۸- مولانا ڈاکٹر ابو الحسن محمد شاہ، نائب مہتمم، دار العلوم محمدیہ غوثیہ

۹- مولانا مفتی محمد نعیم، مہتمم، جامعہ بنوریہ، کراچی

۱۰- مولانا محمد افضل حیدری، مرکزی سیکرٹری جنرل، وفاق المدارس شیعہ، پاکستان

۱۱- مولانا مفتی محمود الحسن محمود، نائب ناظم تعلیمات، جامعہ اشرفیہ، لاہور

۱۲- مولانا حامد الحق حقانی، نائب مہتمم جامعہ حقانیہ، اکوڑہ خٹک، نوشہرہ
۱۳- پروفیسر ڈاکٹر معصوم یٰسین زئی، ریکٹر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
۱۴- پروفیسر ڈاکٹر احمد یوسف الدریویش، صدر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
۱۵- پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق، ڈائریکٹر جنرل، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
۱۶- پروفیسر ڈاکٹر سعید الرحمن، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان
۱۷- پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر حکیم، ڈین فیکلٹی شریعہ و قانون، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
۱۸- پروفیسر ڈاکٹر عبد القدوس صہیب، چیئر مین شعبہ علوم اسلامیہ، بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان
۱۹- ڈاکٹر حافظ آفتاب احمد، صدر شعبہ علوم قرآن، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
۲۰- ڈاکٹر افتخار الحسن میاں، صدر شعبہ فکر اسلامی، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
۲۱- محمد احمد منیر، لیکچرر / نائب مدیر "اسلامک اسٹڈیز"، شعبہ فقہ و قانون، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
۲۲- سید متین احمد شاہ، لیکچرر / نائب مدیر "فکر و نظر"، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
۲۳- مولانا تنویر احمد جلالی
۲۴- مولانا محمد اسحاق ظفر، رئیس، دار الافتاء، جامعہ رضویہ دار العلوم راولپنڈی
۲۵- مولانا غلام مرتضیٰ ہزاروی
۲۶- مولانا ڈاکٹر محمد ظفر اقبال جلالی، پرنسپل جامعہ، اسلام آباد

۲۷۔ مولانا ابو الظفر غلام محمد سیالوی، چیئرمین امتحانی بورڈ، تنظیم المدارس

۲۸۔ مولانا زاہد محمود قاسمی، چیئرمین پاکستان علماء کونسل

۲۹۔ مولانا ڈاکٹر سید محمد نجفی، رابطہ سیکرٹری و ممبر نصاب کمیٹی، وفاق المدارس شیعہ، پاکستان

۳۰۔ مولانا سید محمد رزاق

۳۱۔ مولانا سیف اللہ ربانی، جامعہ بنوریہ، کراچی

۳۲۔ مولانا تنویر احمد علوی، نائب مہتمم، جامعہ محمدیہ، اسلام آباد

۳۳۔ مفتی محمد شریف ہزاروی، جامعہ مسجد دار السلام، سیکٹر جی سکس ٹو، اسلام آباد

۳۴۔ ملک مومن حسین قمی، پرنسپل جامعہ المبلغین، اسلام آباد

۳۵۔ مفتی رحیم اللہ، استاد جامعہ فریدیہ، سیکٹر ای سیون، اسلام آباد


۳۶۔ ڈاکٹر سعید خان، معاون صدر وفاق المدارس پاکستان

۳۷۔ مولانا سید قطب، نائب ناظم رابطۃ المدارس الاسلامیہ، پاکستان

۳۸۔ مولانا عبد الحق ثانی

۳۹۔ مولانا محمد عبد القادر

۷۔ متفقہ فتویٰ (جوابِ استفتاء) جاری اور اس کی توثیق کرنے والے علمائے کرام کے دستخطوں کا عکس



۱۔ محمد رفیع عثمانی۔ مفتی ورئیس الجامعہ دارالعلوم کراچی

۲۔ محمد تقی عثمانی۔ مفتی دارالعلوم کراچی

۳۔ عبد الرؤف سکھروی۔ مفتی دار العلوم کراچی

۴۔ محمد زبیر اشرف

۵۔ محمد عمران اشرف عثمانی

۶۔ فضل محمد یوسف زئی، استاذ حدیث بنوری ٹاؤن۔

۷ – محمد [illegible] الحق حقی خطیب [illegible] ٹاؤن

۸ – عبدالرزاق [illegible] ٹاؤن

۹ – اسرار اللہ

10 آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی
مرکزی صدر وفاق المدارس الشیعہ پاکستان
حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر لاہور

11 محمد افضل حیدری [illegible]
مرکزی [illegible] وفاق المدارس [illegible]
[illegible] جامعۃ المنتظر لاہور

[illegible] شیخ الحدیث

12 [illegible] مرکز [illegible]
[illegible] رابطۃ المدارس [illegible] پاکستان

13 حافظ [illegible]
نائب ناظم اعلیٰ رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان
منصورہ لاہور

14 مولانا محمد حنیف جالندھری [illegible] شیخ الحدیث جامعہ خیر المدارس ملتان
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

15 – محمد یاسین ظفر
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس السلفیہ

16 مولانا محمد یونس
شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ

دارالافتاء جامعہ قاسمیہ (۱۴) اے بلاک غلام محمد آباد فیصل آباد

جامعہ قاسمیہ (رجسٹرڈ)
14-اے غلام محمد آباد فیصل آباد

17. صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی صاحب
مہتمم جامعہ قاسمیہ

18. مولانا رب نواز قاسمی صاحب — رب نواز عفی عنہ

19. مولانا مفتی سلیم نواز صاحب


20. مولانا منظور حسین صاحب — منظور حسین

21. مولانا مفتی حفظ الرحمان صاحب
رئیس دارالافتاء پاکستان علماء کونسل — Hifzur Rehman

22. مولانا ڈاکٹر عطاء الرحمن
ناظم اعلیٰ رابطۃ المدارس الاسلامیۃ پاکستان
مہتمم جامعۃ اسلامیۃ تفہیم القرآن مردان


توثیق متفقہ فتویٰ مع اضافی نوٹ لکھنے والے علمائے کرام کے دستخطوں کا عکس

23	مفتی منیب الرحمن ، رئیس دارالافتاء ورئیس اَلْجَامِعَۃُ النَّعِیْمِیَّۃ ،کراچی	
24	مفتی محمد وسیم اختر المدنی، مفتی واستاذ التخصص فی الفقہ والافتاء، اَلْجَامِعَۃُ النَّعِیْمِیَّۃ ،کراچی	
25	مفتی احمد علی سعیدی، مفتی وشیخ الحدیث اَلْجَامِعَۃُ النَّعِیْمِیَّۃ ،کراچی	
26	مفتی سید نذیر حسین شاہ، مفتی واستاذ الحدیث اَلْجَامِعَۃُ النَّعِیْمِیَّۃ ،کراچی	
27	مفتی عبدالرزاق نقشبندی، مفتی اَلْجَامِعَۃُ النَّعِیْمِیَّۃ ،کراچی	





۸- ۲۶/مئی ۲۰۱۷ء کے متفقہ فتویٰ (اہم نکات) کی تیاری میں شریک مختلف دینی مدارس کے وفاقوں کے ناظمین، علمائے کرام، مفتیانِ عظام اور قومی جامعات کے اساتذۂ کرام کے دستخطوں کا عکس



احمد یوسف احمد الدریویش
صدر بین الاقوامی اسلامی
یونیورسٹی، اسلام آباد

Aftab Ahmad
ڈاکٹر حافظ آفتاب احمد
صدر شعبہ علوم قرآن
ادارہ تحقیقات اسلامی

پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز
چیئرمین اسلامی نظریاتی
کونسل، اسلام آباد

محمد معصوم یسین زئی
ریکٹر بین الاقوامی اسلامی
یونیورسٹی، اسلام آباد

۹- ۲۶ر مئی ۲۰۱۷ء کے متفقہ اعلامیہ کی تیاری میں شریک مختلف دینی مدارس کے وفاقوں کے ناظمین، علمائے کرام، مفتیان عظام اور قومی جامعات کے اساتذۂ کرام کے دستخطوں کا عکس

۱. مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی، دارالعلوم کراچی

۲. مولانا مفتی منیب الرحمن، چیئرمین رویت ہلال کمیٹی / صدر تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان

۳. مولانا عبدالمالک، صدر رابطۃ المدارس پاکستان

۴. مولانا عبدالرزاق سکندر، صدر وفاق المدارس پاکستان

۵. مولانا محمد حنیف جالندھری، مہتمم خیر المدارس، ملتان / چیئرمین وفاق المدارس العربیہ

۶. علامہ سید ریاض حسین نجفی، صدر وفاق المدارس الشیعہ (لاہور) حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر لاہور

۷. مولانا محمد یٰسین ظفر، ناظم اعلیٰ وفاق المدارس السلفیہ

۸. مولانا ڈاکٹر ابوالحسن محمد شاہ، نائب مہتمم دارالعلوم محمدی غوثیہ (بھیرہ شریف)

۹. مولانا مفتی محمد نعیم، مہتمم، جامع بنوریہ، کراچی

۱۰. مولانا تنویر احمد جلالی

۱۱. مولانا محمد اسحاق ظفر، رئیس دارالافتاء، جامعہ رضویہ ضیاء العلوم، راولپنڈی

۱۲. مولانا غلام مرتضیٰ ہزاروی جامعہ نظامیہ رضویہ شیخوپورہ

۱۳. مولانا ڈاکٹر محمد ظفر اقبال جلالی، پرنسپل جامعہ، اسلام آباد

۱۴. مولانا ابوالظفر غلام محمد سیالوی، چیئرمین امتحانی بورڈ، تنظیم المدارس

۱۵. مولانا زاہد محمود قاسمی، چیئرمین پاکستان علماء کونسل

۱۶. مولانا ڈاکٹر سید محمد نجفی رابطہ سیکرٹری و ممبر نصاب کمیٹی وفاق المدارس شیعہ پاکستان

۱۷. مولانا محمد افضل حیدری مرکزی سیکرٹری جنرل وفاق المدارس الشیعہ پاکستان

۱۸. مولانا سعید عبدالرزاق

۱۹. مولانا ڈاکٹر مفتی سعید الرحمن

۲۰. مولانا سید قطب نائب ناظم اعلیٰ رابطۃ المدارس الاسلامیہ

۲۱. مولانا عبدالحق ثانی

۲۲ - مولانا مفتی محمود الحسن محمود - نائب ناظم تعلیمات - جامعہ اشرفیہ لاہور -

۲۴۔ مولانا عبدالحق حقانی، نائب مہتمم جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک، نوشہرہ

۲۵۔ مولانا سیف اللہ ربانی، جامع ادارہ، ...

۲۶۔ پروفیسر ڈاکٹر طاہر اللہ ثنا، کلیہ اصول الدین بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد

۲۷۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر حکیم، ڈین فیکلٹی شریعہ و قانون، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد۔

۲۸۔ تنویر احمد علوی، نائب مہتمم جامعہ محمدیہ اسلام آباد

۲۹۔ محمد شریف ہزاروی، جامع مسجد دار السلام G-6/2 اسلام آباد

۳۰۔ ملک مومن حسین، پرنسپل جامعۃ المبلغین اسلام آباد

۳۱۔ مفتی رحیم اللہ، استاد جامعہ فریدیہ ای سیون اسلام آباد

۳۲۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق، ڈائریکٹر جنرل، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

۳۳۔ ڈاکٹر حافظ آفتاب احمد، صدر شعبہ علوم قرآن، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

Aftab Ahmad

۳۴۔ سید متین احمد شاہ، لیکچرر شعبہ علوم القرآن و نائب مدیر فکر و نظر، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

Malam

۳۵۔ ڈاکٹر افتخار الحسن میاں، صدر شعبہ فکر اسلامی، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۳۶۔ پروفیسر ڈاکٹر عبدالقدوس صہیب، چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان

A.Q.S.

۳۷۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد معصوم یسین زئی، ریکٹر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

۳۸۔ پروفیسر ڈاکٹر احمد یوسف احمد الدریویش، صدر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

۳۹۔ پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد

۱۰- متفقہ فتویٰ اور اعلامیہ کی توثیق کرنے والے علمائے کرام، مفتیانِ عظام اور اساتذۂ کرام کے اسمائے گرامی

۱.	پروفیسر ساجد میر، امیر جمعیت اہلحدیث، پاکستان	۳۱.	مولوی عبداللہ سندھی، صدر اہلسنت والجماعت، بدین
۲.	علامہ محمد احمد لدھیانوی، سرپرست اہلسنت والجماعت، جھنگ	۳۲.	مولوی ارشاد علی، ڈپٹی سیکرٹری مجلس وحدت المسلمین، بدین
۳.	مولانا فضل الرحمٰن خلیل، مہتمم جامعہ خالد بن ولید، اسلام آباد	۳۳.	مفتی شبیر احمد عثمانی، متمم مدرسہ جامعہ تعلیم االقرآن والسنۃ، کراچی
۴.	صاحبزادہ محمد حامد رضا، چیئرمین سنی اتحاد کونسل، فیصل آباد	۳۴.	مفتی امجد محمود، مرکزی رہنما مجلس وحدت المسلمین، راولپنڈی
۵.	مفتی عبدالرحیم، مدرسہ جامعہ الرشید، احسن آباد، کراچی	۳۵.	غلام جعفر حیدری، نائب صدر جعفری شیعہ علماء کونسل، کندکوہاٹ
۶.	علامہ راجہ ناصر عباس جعفری، سیکرٹری جنرل وحدت المسلمین پاکستان، اسلام آباد	۳۶.	عثمان اکبر، رفیق دارالافتاء جامعتہ الرشید احسن آباد، کراچی
۷.	مولانا اورنگزیب فاروقی، صدر اہلسنت والجماعت پاکستان، کراچی	۳۷.	مولانا الیاس قادری، امیر جماعت دعوت اسلامی، کراچی
۸.	علامہ زاہد الرشدی، جنرل سیکرٹری پاکستان، شریعت کونسل، گجرانوالہ	۳۸.	مولانا زاہد عثمانی، صدر اہلسنت والجماعت، جامشورہ
۹.	علامہ پیر سلطان فیاض الحسن، چیرمین پاکستان ملی تحریک، جھنگ	۳۹.	مولانا عبدالقدوس نقشبندی، دارالعلوم حنفیہ، چکوال
۱۰.	علامہ سعید الرشید عباسی، چیرمین پاکستان یکجہتی کونسل، روالپنڈی	۴۰.	سید ریاض حسین نقوی، دانش گاہ جعفریہ، میرپور خاص
۱۱.	علامہ قاری زوار بہادر، صدر جمعیت علمائے پاکستان، لاہور	۴۱.	صاحبزادہ محمود احمد قادری، مہتمم دارالعلوم غوثیہ رضویہ سعیدیہ، حیدر آباد
۱۲.	مفتی سید عدنان کاکاخیل، رئیس دارالافتاء والاحسان، اسلام آباد	۴۲.	مفتی شیر محمد قادری، دارالعلوم حنفیہ رضویہ، ٹنڈوالہ یار
۱۳.	علامہ سید ضیاءاللہ شاہ بخاری، صدر متحدہ جمعیت اہلحدیث پاکستان، لاہور	۴۳.	مولانا عبدالرشید حجازی، مہتمم جامعہ تعلیم الاسلام، فیصل آباد
۱۴.	علامہ عارف حسین واحدی، مرکزی رہنما تحریک اسلامی پاکستان، اٹک	۴۴.	پروفیسر ڈاکٹر شمس الرحمن، چئیرمین شعبہ اسلامیات، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد
۱۵.	شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس، چارسدہ	۴۵.	علامہ قاری سجاد تنولی، جامعہ شاہ لطیف ٹاؤن، کراچی
۱۶.	پروفیسر ڈاکٹر عبدالغفور راشد ، ناظم اعلی ذیلی تنظیمات مرکزی جمعیت اہلحدیث، لاہور	۴۶.	مولانا اہتمام الحق تھانوی، جامعہ احتشامیہ جیکب لائین، کراچی
۱۷.	علامہ محمد امین شہیدی، چیرمین امت واحدہ پاکستان، اسلام آباد	۴۷.	مفتی عبدالحمید ربانی، جامعہ دارالھدیٰ، کراچی
۱۸.	علامہ حمید حسین، صدر شعیہ علماء کونسل پاکستان، کوہاٹ	۴۸.	مولانا خلیل، جامعہ فاروقیہ، کراچی
۱۹.	علامہ قاضی نثار احمد، سرپرست جامعہ نصرت السلام، گلگت	۴۹.	محمد امیر عطاری ناظم فیضان مدینہ، جامشورو
۲۰.	علامہ شاہ نواز فاروقی ، مرکزی جنرل سیکرٹری پاکستان علماء کونسل، فیصل آباد	۵۰.	قاری عطاءالرحمان، مہتمم ادارہ تعلیم القرآن، اسلام آباد
۲۱.	علامہ احمد اقبال رضوی، سیکرٹری جنرل وحدت المسلمین خیبر پختونخواہ، اسلام آباد	۵۱.	مفتی محمد ندیم قریشی، مرکزی جامع مسجد شکر درہ، اٹک
۲۲.	مولانا محمد عزیز الرحمان ہزاروی، جامعہ ذکریہ، اسلام آباد	۵۲.	لیاقت علی شاہ نقشبندی، مہتمم مدرسہ دار العلوم فیضان سیفیہ، کراچی
۲۳.	مولانا عمر فاروق، صدر اہلحدیث، جامشورہ	۵۳.	مفتی ابراہیم مظہر، مہتمم اشرف المدارس، کراچی
۲۴.	عبدالتواب، نائب صدر اہلحدیث، جامشورہ	۵۴.	مفتی ابوہریرہ، مہتمم مدرسہ جامعہ اسلامیہ کلفٹن، کراچی
۲۵.	مولانا قاسم خارانی، صدر مدرسہ ہدیۃ، جامشورہ	۵۵.	مولانا عبدالوحید، مہتمم مدرسہ جامعہ اخوان، کراچی
۲۶.	مفتی محمد اویس عزیز، ناظم جامعہ دارالعلوم ذکریہ، اسلام آباد	۵۶.	علامہ شبیر احمد عثمانی، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری پاکستان علماء کونسل، فیصل آباد
۲۷.	مفتی عبدالباری، جامعہ فاروقیہ، کراچی	۵۷.	ڈاکٹر امجد، مہتمم مدرسہ ابن عباس، کراچی
۲۸.	مولانا تنویر الحق تھانوی جامعہ احتشامیہ جیکب لائین، کراچی	۵۸.	مولانا یوسف، مہتمم جامعہ الدار اسات الاسلامیہ، کراچی
۲۹.	مفتی محمد امین، صدر مفتی دارالعلوم مظاہر العلوم، حیدر آباد	۵۹.	مولانا رفیع الرحمان بریلوی، مہتمم جامعہ گلزار مدینہ، کراچی
۳۰.	مولانا افتخار علی، ناظم اعلیٰ دارالعلوم اسلامیہ، ٹنڈوالہ یار	۶۰.	علامہ احمد اقبال رضوی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مجلس وحدت المسلمین، کراچی

۶۱.	قاری محمد صدیق امیر ، دارالعلوم جامعہ الاسلامیہ ، کراچی	۹۹.	مولاناسعید احمد اسعد، مہتمم جامعہ امینیہ، فیصل آباد
۶۲.	مولانااسفندیار خان، جامعہ دارالخیر گلستان جوہر، کراچی	۱۰۰.	مولاناریاض کھرل، جنرل سیکرٹری جمعیت علماء پاکستان، فیصل آباد
۶۳.	مولاناخلیل، جامعہ فاروقیہ کراچی، کراچی	۱۰۱.	پیر فیض رسول، جامعہ مسجد سنی رضوی، فیصل آباد
۶۴.	مولاناقاسم عبداللہ، جامعہ حماریہ شاہ فیصل، کراچی	۱۰۲.	مولاناعبدالمعید، خطیب جامعہ مسجد کچہری، ٹوبہ ٹیک سنگھ
۶۵.	مولانانورالبشر، مدرسہ عثمان بن عفان، کراچی	۱۰۳.	مولاناعبدالعلیم حقانی، خطیب جامعہ مسجد لال، جھنگ سٹی
۶۶.	مفتی ساجد محمود، جامعہ انوارالعلوم مہران ٹاؤن، کراچی	۱۰۴.	سید جعفر شاہ، مرکزی امام بارگاہ دھوبی گھاٹ، فیصل آباد
۶۷.	مولاناآصف، جامعہ اسلامیہ طیبہ، کراچی	۱۰۵.	مولانانصرت حسین، شیعہ علماء کونسل، فیصل آباد
۶۸.	مفتی عبدالحمید ربانی، جامعہ دارالھدیٰ، کراچی	۱۰۶.	عطاء محمد ملک، نائب امیر جماعت اسلامی مدنی مسجد، کشمور
۶۹.	مفتی زرولی خان، جامعہ احسن العلوم گلشن اقبال، کراچی	۱۰۷.	علی محمد شاکر، صدر شیعہ علماء کونسل، جامشورہ
۷۰.	محمد سلفی، ابن تیمیہ، کراچی	۱۰۸.	مولانااشرف علی، مہتمم جامعہ تعلیم القرآن، اٹک
۷۱.	شیخ ضیاءالرحمان، جامع ابو بکر، کراچی	۱۰۹.	علامہ قاری مرتضیٰ، شیعہ علماء کونسل، چنیوٹ
۷۲.	مبشر علی شاہ، جامع ابو بکر، کراچی	۱۱۰.	ڈاکٹر ممتاز حسین، شیعہ علماء کونسل، فیصل آباد
۷۳.	مولانامظفرالدین، جامعہ مخزن العلوم بنارس، کراچی	۱۱۱.	مولانایوسف فاروقی، جامع مسجد گول، فیصل آباد
۷۴.	مفتی مولاناقاسم، جامعہ محزن العلوم بنارس، کراچی	۱۱۲.	مولانارب نواز، جامع مسجد گول، فیصل آباد
۷۵.	پروفیسر مولانایونس صدیقی، محمود القرآن الکریم، کراچی	۱۱۳.	ناظم حفیظ الرحمن، جامع قاسمیہ، فیصل آباد
۷۶.	مقصود علی ڈومکی، صوبائی سربراہ مجلس وحدت المسلمین، جیکب آباد / سندھ	۱۱۴.	مفتی محمد فصیح، مہتمم دارالعلوم مظاہرالعلوم، حیدر آباد
۷۷.	مفتی عبدالقادر جعفر، جامعہ عبداللہ بن عثمان، کراچی	۱۱۵.	محمد ثناءالمؤمن، نائب مفتی دارالعلوم مظاہرالعلوم، حیدر آباد
۷۸.	مولانارفیق جامی، جامع مسجد قادری، فیصل آباد	۱۱۶.	مولانامحمد عامر، مدرسہ دارالعلوم مظاہرالعلوم، حیدر آباد
۷۹.	مولاناعبیدالرحمن ضیاء، جامعہ عبیدیہ کمالیہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ	۱۱۷.	ڈاکٹر سیف الرحمان، وفاق المدارس العربیہ، حیدر آباد
۸۰.	حافظ محمد شعبان صدیقی، جامعہ ریاض الجنتہ، اوکاڑہ	۱۱۸.	محمد فیضان غفور الرحمٰن، جامعہ مفتاح العلوم، حیدر آباد
۸۱.	حافظ شعیب الرحمٰن قاسمی، جامعہ دارالعلوم حنفیہ، لاہور	۱۱۹.	مولاناعبدالقیوم، حیدر آباد، شام العلوم
۸۲.	مولاناخالد محمود سرفرازی، مدرسہ جامعہ بستان الاسلام، گوجرانوالہ	۱۲۰.	رضا محمد عباسی، سابق ڈسٹرکٹ خطیب، حیدر آباد
۸۳.	حافظ محمد طیب قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان علماء کونسل، فیصل آباد	۱۲۱.	مفتی دین قادری، امیر جماعت اہلسنت پاکستان، حیدر آباد
۸۴.	مولاناعمر قاسمی، صوبائی سیکرٹری اطلاعات پاکستان علماء کونسل، فیصل آباد	۱۲۲.	مفتی محمد شاہد برکاتی، خطیب جامعہ حنفیہ مسجد، حیدر آباد
۸۵.	علامہ یونس حسن، جامع مسجد حراء والٹن، لاہور کینٹ	۱۲۳.	مفتی محمد جوادرضابرکاتی، صدر دائرہ برکات، حیدر آباد
۸۶.	مولاناحق نواز خالد، جامعہ الرشید، فیصل آباد	۱۲۴.	حافظ محمد ارشد، مہتمم جامعہ نورالہدیٰ، حیدر آباد
۸۷.	حافظ محمد امجد، جامعہ مدینہ، فیصل آباد	۱۲۵.	مفتی احمد علی سعیدی قادری، دارالعلوم احسن البرکات، حیدر آباد
۸۸.	مولاناتاج محمود ریحان، جامعہ رحمانی، قصور	۱۲۶.	حافظ قادر بخش، خطیب امام مسجد، حیدر آباد
۸۹.	مولاناحسان صدیقی، جامعہ ریاض الجنتہ دیپالپور، اوکاڑہ	۱۲۷.	مولوی ثناءاللہ بروہی، خطیب جامع بلال مسجد، حیدر آباد
۹۰.	مولاناسید ابوبکر شاہ، جامعہ عثمانیہ، شورکوٹ، جھنگ	۱۲۸.	حافظ غلام رسول قریشی طاہری، خطیب قاضی مسجد، حیدر آباد
۹۱.	قاری وقار احمد عثمانی، جامعہ اشرفیہ، سرگودھا	۱۲۹.	حافظ لیاقت علی، خطیب جامع مسجد، حیدر آباد
۹۲.	مولاناعبدالمنان عثمانی، جامعہ ریاض العثمانیہ، اوکاڑہ	۱۳۰.	حافظ گل منیر معین، خطیب غوثیہ مسجد، حیدر آباد
۹۳.	مولانامشتاق لاہوری، جامعہ مسجد نہروالی، لاہور	۱۳۱.	مولاناذوالفقار علی، دارالافتاء جامع صدیق اکبر، حیدر آباد
۹۴.	مولانایوسف انور، مرکزی جامع مسجد اہلحدیث، فیصل آباد	۱۳۲.	سید عزیز اللہ، حوزہ علمیہ جامعۃ رضویہ، ٹنڈوالہ یار
۹۵.	مولاناعزیزالرحمن رحیمی، نائب مہتمم جامعہ دارالقرآن، فیصل آباد	۱۳۳.	پیر نور محمد خان قادری، جماعت اہلسنت پاکستان، عمرکوٹ
۹۶.	مولانا محمد نواز، رکن مجلس شوریٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان، فیصل آباد	۱۳۴.	مفتی حماداللہ، مدرسہ انورالقرآن فاروقیہ، عمرکوٹ
۹۷.	مفتی حفظ الرحمٰن بنوری، چیئرمین دارالافتار پاکستان علماء کونسل، فیصل آباد	۱۳۵.	مولاناعبدالرحمٰن جمالی، جامعہ مظہرالعلوم، عمرکوٹ
۹۸.	مفتی محمد طیب، رکن مجلس عاملہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان، فیصل آباد	۱۳۶.	محمد الطاف عطاری، مجلس فیضان مدینہ دعوت اسلامی، عمرکوٹ

۱۳۷.	ارشاد علی عرفانی، جامعہ مسجد قائم آل محمد وعزاخانہ ابوطالب، عمرکوٹ	۱۷۹.	مولانا خدا داد بخش، نائب صدر ڈسٹرکٹ جامشورہ، جامشورہ
۱۳۸.	محمد بلال رضا قادری، کنزالایمان رضویہ، میرپورخاص	۱۸۰.	پروفیسر انوار علی، اسلامک اسٹڈیز سندھ یونیورسٹی، جامشورہ
۱۳۹.	علامہ وجیہ الدین القادری، دارالعلوم کنزالایمان رضویہ، میرپورخاص	۱۸۱.	مولانا عاصم، مدرسہ خاتم النبیین، جامشورہ
۱۴۰.	مفتی محمد شریف سعیدی، دارالعلوم کنزالایمان رضویہ، میرپورخاص	۱۸۲.	مولانا عبدالصمد، خطیب مدرسہ قاسم العلوم، جامشورہ
۱۴۱.	حافظ محمود احمد عطاری، دارالعلوم کنزالایمان رضویہ، میرپورخاص	۱۸۳.	مولانا جاوید، خطیب مسجد توحید، جامشورہ
۱۴۲.	مفتی آدم سمیجو، مہتمم جامعہ دارالعلوم اسلامیہ، تھرپارکر	۱۸۴.	محمد اعظم سیال، استاد جامع خالد بن ولید، اسلام آباد
۱۴۳.	مولوی تاج محمد سومرو، مہتمم جامعہ دارالعلوم عثمانیہ، تھرپارکر	۱۸۵.	صلاح الدین خلیل، منتظم جامع خالد بن ولید، اسلام آباد
۱۴۴.	مفتی غلام قادر نقشبندی، جامع مسجد حیدر کرار، بدین	۱۸۶.	عبدالرحمن معاویہ، مہتمم جامع عربیہ رشیدیہ، اسلام آباد
۱۴۵.	مفتی عبدالغفار جمالی، چیئرمین سچ آرگنائزیشن، بدین	۱۸۷.	مولانا ضیاء الرحمن، خطیب جامعہ مسجد رحمانی، اسلام آباد
۱۴۶.	مفتی نذیر احمد عمرانی، نائب امیر جے یو آئی، سجاول	۱۸۸.	قاری حق نواز خالد، جامعہ مسجد عائشہ، بہارہ کہو
۱۴۷.	مفتی محمد ارشد میمن، مدرسہ باب السلام، ٹھٹھہ	۱۸۹.	مولانا جمیل اختر انقلابی، ادارہ مدینۃ العلم، اسلام آباد
۱۴۸.	مفتی علی محمد قاضی، مدرسہ دارلنور بنوریہ، ٹھٹھہ	۱۹۰.	مولانا وقار احمد، خطیب جامع مسجد عثمان غنی، اسلام آباد
۱۴۹.	مولوی عبدالرشید، جامعہ العربیہ دارالفیوض، دادو	۱۹۱.	مولانا قاری صدیق، خطیب جامع مسجد مدینہ، اسلام آباد
۱۵۰.	محمد ایوب چانڈیو، مدرسہ العربیہ انوارلقرآن، دادو	۱۹۲.	مولانا محمد بشیر فاروقی، خطیب جامع مسجد ابوبکر صدیق، اسلام آباد
۱۵۱.	مولانا عبدالوحید چانڈیو، مدرسہ جامعہ تاج السلام، دادو	۱۹۳.	مولانا عبدالرزاق حیدری، خطیب مرکز اہلسنت عبداللہ بن مسعود، اسلام آباد
۱۵۲.	سید سرفراز علی شاہ، مدرسہ سہرابیہ، دادو	۱۹۴.	قاری محمد حنیف عاصم، شہدا مسجد میمن روڈ، اٹک
۱۵۳.	حافظ محمد ساجن، مدرسہ القادریہ، دادو	۱۹۵.	علامہ عبدالعزیز گلگتی، الرحمن مسجد، راولپنڈی
۱۵۴.	حافظ علی رضا کھوسو، نور مصطفیٰ مسجد، حیدر آباد	۱۹۶.	قاری قاسم نواز، مسجد رحمانیہ، اسلام آباد
۱۵۵.	حافظ واحد بخش، خطیب جگنو مسجد، حیدرآباد	۱۹۷.	قاری عبدالکریم کشمیری، محمدی مسجد، اسلام آباد
۱۵۶.	عبدالکریم، نور مصطفیٰ مسجد، حیدر آباد	۱۹۸.	قاری استاد مظہر جاوید، مرکزی مسجد توحید، اسلام آباد
۱۵۷.	عبدالقادر، مسجد انور شاہ غوث، حیدر آباد	۱۹۹.	قاری محمد احمد میر، فاطمہ مسجد گلشن خداد، راولپنڈی
۱۵۸.	حافظ تصور، علی مسجد، حیدر آباد	۲۰۰.	حافظ انیب رحمانی، مسجد قدوسیہ محلہ، اسلام آباد
۱۵۹.	سید حیدر عباس زیدی، شیعہ ڈسٹرکٹ خطیب، حیدر آباد	۲۰۱.	قاری محمد احمد معاویہ، جامع مسجد حضرت علی، راولپنڈی
۱۶۰.	سید محمد احمد جعفری، ٹرسٹ قدم گاہ مولا علی، حیدرآباد	۲۰۲.	حافظ محمد یوسف سراج، جامعہ سراجیہ، چکوال
۱۶۱.	حافظ بشارت احمد طاہری، جامعہ غوثیہ، حیدر آباد	۲۰۳.	حافظ قاری نبیل کشمیری، خطیب جامع مسجد نور فاطمہ، راولپنڈی
۱۶۲.	مفتی اصغر علی طاہری، مدرسہ دارالعلوم غوثیہ، حیدر آباد	۲۰۴.	علامہ قاری مظہر اقبال، مسجد مصطفیٰ، اسلام آباد
۱۶۳.	حافظ عبدالجبار نقشبندی، موسیٰ مسجد، حیدر آباد	۲۰۵.	علامہ قاری غلام اللہ خان، جامع مسجد رحمت، فیصل آباد
۱۶۴.	محمد فیصل طاہری، جامع مسجد سرید سوحا، حیدر آباد	۲۰۶.	حافظ محمد اسلم جٹ، جامع مسجد اقصیٰ اہلحدیث، فیصل آباد
۱۶۵.	عبدالرزاق حسین، جامع غوثیہ، حیدر آباد	۲۰۷.	قاری محمد زکریا شاہد، خطیب جامع مسجد چھوٹی، گوجرانوالہ
۱۶۶.	افتخار احمد تاج الدین، جامعہ بحر العلوم السلفیہ، میرپورخاص	۲۰۸.	قاری محمد راشد عباسی، جامع مسجد سیفی، راولپنڈی
۱۶۷.	عبدالقدوس، جامعۃ الہدیٰ، میرپورخاص	۲۰۹.	قاری محمد سراج عباسی، جامع مسجد شہداء الحدیث، اسلام آباد
۱۶۸.	شفیع الحق، مدرسہ عربیہ مدینۃ العلوم، میرپورخاص	۲۱۰.	علامہ عبدالکریم ماجد، راولپنڈی، مسجد انوار رحمت
۱۶۹.	حفیظ الرحمن فیض، مدینہ مسجد، میرپورخاص	۲۱۱.	قاری حافظ ریاض احمد کشمیری، جامع مسجد نورالامین، راولپنڈی
۱۷۰.	فقیر عبدالرزاق مہران، مدرسہ صبغۃ السلام، سانگھڑ	۲۱۲.	مولانا مفتی عبدالقیوم، ائرپورٹ سوسائٹی مسجد، راولپنڈی
۱۷۱.	ملک بخش الٰہی، ڈویژنل صدر سنی اتحاد کونسل، فیصل آباد	۲۱۳.	مولانا شاکر، پرانہ قلعہ راجہ بازار مسجد، راولپنڈی
۱۷۲.	مولوی محمد عیسیٰ چنا، مدرسہ عزیزیہ عربیہ دارالعلوم، دادو	۲۱۴.	مولانا محمد قاسم جان، مسجد توحیدیہ، اسلام آباد
۱۷۳.	سید فدا حسین شاہ، مرکزی امام بارگاہ فش مارکیٹ، داود	۲۱۵.	مفتی فیض اللہ، جامع مسجد فاطمہ، اسلام آباد
۱۷۴.	مولانا مہدی رضا، مدرسہ عزیہ امام جعفر، دادو	۲۱۶.	مفتی منیر الہادی، بیت المکرم، اسلام آباد
۱۷۵.	عابد حسین چانڈیو، مدرسہ سفینہ اہلِ بیت، دادو	۲۱۷.	قاری محمد منیر، جامع مسجد عائشہ، راولپنڈی
۱۷۶.	ڈاکٹر برکت لغاری، صدر جعفریہ ایکشن کمیٹی، جامشورہ	۲۱۸.	قاری محمد ولی، جامع اشاعت الاسلام، حسن ابدال
۱۷۷.	سید غلام شاہ، نائب صدر جعفریہ ایکشن کمیٹی، جامشورہ	۲۱۹.	قاری قمر الحق، استاد مدرسہ خالد بن ولید، اسلام آباد
۱۷۸.	علامہ حیدر علی جوادی، پرنسپل مہدی سینٹر، جامشورہ	۲۲۰.	قاری مسلم خان، خطیب جامع رحمانیہ، اسلام آباد

۲۲۱.	قاری ظہیر احمد، مسجد اقصیٰ، راولپنڈی	۲۶۳.	مولانا محمد اکسیر، مرکزی جامع مسجد زیندی، اٹک
۲۲۲.	علامہ احمد شاکر، محمدی مسجد، ٹیکسلا، راولپنڈی	۲۶۴.	مولانا محمد انصر، جامعہ مسجد بہولیاں وال، اٹک
۲۲۳.	مولانا محمد فاروق، خالد بن ولید مدرسہ، اسلام آباد	۲۶۵.	مولانا محمد غریب نواز، خطیب جامعہ مسجد امیر حمزہ، اٹک
۲۲۴.	مولانا عبد الغفار، امام مسجد ذوالنورین، اسلام آباد	۲۶۶.	مولانا محمد روید، جامعہ مسجد جتیال، اٹک
۲۲۵.	مولانا عبد الہادی، پیرودہائی مسجد، راولپنڈی	۲۶۷.	عزیز الحسن، خطیب درویش مسجد، پشاور
۲۲۶.	مولانا غلام اللہ، مدنی مسجد سیکٹر ائرپورٹ، اسلام آباد	۲۶۸.	احسان الحق، ناظم جامعہ اسلامیہ دارالعلوم، پشاور
۲۲۷.	حافظ نواز، جامع عشرہ مبشرہ، اسلام آباد	۲۶۹.	محمد ادریس، مدرسہ جامعہ نعمانیہ، پشاور
۲۲۸.	علامہ نثار انوار خان، جامع مسجد ابو بکر صدیق، واہ کینٹ	۲۷۰.	مفتی نذیر احمد قریشی، ناظم اعلیٰ دارالعلوم مہریہ ضیاالعلوم، حسن ٹاؤن، ایبٹ آباد
۲۲۹.	شیر زمین، جامع مسجد بلال، اسلام آباد	۲۷۱.	مفتی محمد شعیب خان، مدرسہ تحفیظ القرآن، ایبٹ آباد
۲۳۰.	مفتی عبد القیوم، جامع مسجد مدنی، شمس کالونی اسلام آباد	۲۷۲.	مولانا مزمل شاہ، دارالعلوم سیدنا معاذ بن جبل سلہڈ، ایبٹ آباد
۲۳۱.	مولانا محمد ہاشم، جامع مسجد مدنی، سود گنگال روات	۲۷۳.	مفتی شفیع اللہ، امام جامع مسجد عثمان غنی، ایبٹ آباد
۲۳۲.	مولانا محمد حسنین معاویہ، مسجد گلزار مدینہ، کلر کہار	۲۷۴.	مفتی محمد عمران، مدرسہ اصحاب صفہ، ایبٹ آباد
۲۳۳.	مولانا انقلابی، جامع مسجد دھمیال کیمپ، راولپنڈی	۲۷۵.	شمس الاسلام شمس، مہتمم مدرسہ امدادیہ اسلامیہ، ہری پور
۲۳۴.	مولانا یعقوب، جامع مسجد عثمانیہ، راولپنڈی	۲۷۶.	مفتی ظہیر احمد، امام جامع مسجد رحمان، ایبٹ آباد
۲۳۵.	مولانا پیر سید ثناء اللہ حسینی، توحیدی مکی مسجد، راولپنڈی	۲۷۷.	مولانا محمد زبیر، امام مسجد ایوب انصاری، ایبٹ آباد
۲۳۶.	مولانا سمیع اللہ، سرسید مسجد، راولپنڈی	۲۷۸.	مولانا عابد الرحمن، امام جامع مسجد مریم، ایبٹ آباد
۲۳۷.	مولانا قاری بشیر احمد، چھپر مسجد، روالپنڈی	۲۷۹.	مولانا عبد السبحان، امام مسجد ابوہریرہ، ایبٹ آباد
۲۳۸.	مولانا یاسر، مسجد اللہ والی خیابان سرسید، راولپنڈی	۲۸۰.	مولانا فضل اللہ، امام مسجد بلال جھگیاں، ایبٹ آباد
۲۳۹.	مولانا عبد السلام شاہ، خطیب جامع مسجد مکی، اسلام آباد	۲۸۱.	مولانا نور البصر، امام جامع مسجد الائی، بٹگرام
۲۴۰.	مولانا کامران، جامعہ عائشہ للبنات، اسلام آباد	۲۸۲.	مولانا علی الرحمن، جامع مسجد ذالنورین، ایبٹ آباد
۲۴۱.	مولانا قاری محمد عمران، مہتمم جامعہ ابو بکر صدیق، راولپنڈی	۲۸۳.	مولانا فیضان، جامع مسجد عثمان غنی، ایبٹ آباد
۲۴۲.	مفتی فیصل، استاد جامعہ سراجیہ، راولپنڈی	۲۸۴.	مولانا اخلاق، جامع مسجد طوبیٰ، ایبٹ آباد
۲۴۳.	مولانا ہاشم، جامعہ مسجد اللہ والی، روات	۲۸۵.	مولانا ممتاز، جامع مسجد عزہ، ایبٹ آباد
۲۴۴.	مولانا مشرف، استاد جامع چراغیہ سراجیہ، روالپنڈی	۲۸۶.	مولانا محمد واجد، جامع مسجد خدیجۃ الکبریٰ، ایبٹ آباد
۲۴۵.	مولانا محمد شہزاد، جامع مسجد ابو بکر، جھنگی سیداں	۲۸۷.	مولانا تنویر احمد، جامع مسجد خورشید، ایبٹ آباد
۲۴۶.	مولانا فضل وہاب، مسجد امیر حمزہ، اسلام آباد	۲۸۸.	مولانا محمد طیب، امام جامع مسجد الائی، ایبٹ آباد
۲۴۷.	مفتی حسنین، جامع مسجد البرکات، گلستان کالونی، راولپنڈی	۲۸۹.	مولانا عطاء اللہ، امام جامع مسجد، بٹگرام
۲۴۸.	مفتی خرم شہزاد، استاد جامعہ اصحاب صفہ، راولپنڈی	۲۹۰.	مولانا محمد ساجد، امام جامع مسجد، ایبٹ آباد
۲۴۹.	مولانا عبد الرؤف، استاد جامعہ دارالعلوم زکریا، ترنول، اسلام آباد	۲۹۱.	مولانا عامر، امام مسجد ٹھنڈا میرا، ایبٹ آباد
۲۵۰.	مولانا اسد الرحمٰن، جامع مسجد کرم الہی، اسلام آباد	۲۹۲.	مولانا محمد وسیم، امام جامع مسجد، ایبٹ آباد
۲۵۱.	مولانا شفیع الرحمٰن، امام جامع مسجد انعام القرآن، اسلام آباد	۲۹۳.	مولانا سعید اللہ، امام جامع مسجد، ایبٹ آباد
